بیاضِ احمدی

رحمۃ اللہ علیہ

مولوی سید احمد صاحب

نقشبندی مجددی قادری چشتی ظفروالوی

بیاض احمدی

یعنی

قدوۃ السالکین زبدۃ العارفین سید العاملین

عالیجناب حضرت مولانا مولوی سید احمد رضا صاحب

نقشبندی مجددی قادری چشتی ظفروالوی رحمۃ اللہ علیہ

کے

وہ خاص مجرب عملیات وتعویذات کہ جن کی اجازت حضور پرنور رحمۃ اللہ علیہ کے جانشین فرزند اصغر عالی جناب حضرت صاحبزادہ خلیفہ محمد رمضان صاحب نقشبندی مجددی رحمۃ اللہ علیہ نے اپنی زندگی میں خاکسار کو مرحمت فرمائی

اور

خاکسار نے ان عملیات وتعویذات سے ہمیشہ فائدہ اٹھایا

مختصر حالات اعلیحضرت رح

قدوۃ السالکین زبدۃ العارفین عارف کامل و عامل اکمل عالی جناب اعلیحضرت مولانا مولوی سید احمد صاحب قریشی نقشبندی مجددی رحمۃ اللہ علیہ زمانہ حال کے اُن باکمال حضرات میں سے تھے کہ جن کی نظیر ڈھونڈے سے نہیں مل سکتی۔ حضور ممدوح کو رأس الاصفیا برگزیدہ اولیائے کرام اعلیحضرت مولانا سید امام علی شاہ رح ساکن رتڑ چھتڑ (مکان شریف) سے فیض حاصل ہوا تھا۔ جس دن سے حضور نے اپنے مرشدِ کامل کے ہاتھ میں ہاتھ دیا۔ دُنیا و مافیہا کو خیر باد کہہ دیا۔ دن رات زہد و ریاضت میں بسر ہوتی۔ اور ہر وقت دربارِ خداوندی میں حاضر رہتے۔ اس سے پیشتر حضور ممدوح علیہ الرحمۃ کے برادر بزرگ حضرت میاں محمد صاحب بھی مکان شریف میں حضرت صاحب کے حلقہ بگوش ہو کر دیں تعلیم ہو چکے تھے۔ جب دونو بھائی اپنے مرشد کے زیر سایہ رہ کر فیوض باطنی سے بہرہ اندوز ہو رہے تھے۔ تو آپ کے والد بزرگ حضرت مولانا رکن الدین صاحب رح نے اعلیحضرت سید امام علی شاہ صاحب رحمۃ اللہ علیہ کی خدمت میں حاضر ہو کر عرض کی۔ کہ یا حضرت میرے تین بیٹے ہیں۔ دو بیٹے جو میری خدمت کے لائق تھے۔ وہ حضور نے اپنی خدمت کیلئے چن لئے۔ تیسرا بیٹا ابھی نادان ہے۔ وہ میری خدمت کے قابل نہیں۔ لہذا میری ضعیفی پر رحم فرمائیے۔ یہ سُنکر حضرت نے فرمایا۔ کہ سید احمد جاؤ۔ اور اپنے باپ کی خدمت کرو۔ چنانچہ حضرت نے آپ کو سینہ سے لگا کر خوب پیار کیا۔ اور خرقۂ خلافت عنایت فرما کر آپ کو گھر جانے کی اجازت دی۔ حضور گھر آنے کو تو آ گئے لیکن مرشدِ کامل کا تصور ہر وقت آنکھوں کے سامنے تھا۔ اور اُن کے فرمودہ ارشادات ہر وقت پیش نظر تھے۔ گھر کے کاروبار میں اگر جی لگتا۔ تو کس طرح انہی دنوں آپ کی شادی کا

معاملہ پیش ہوا۔ آپ کو شادی سے صاف انکار تھا۔ لیکن والدین کو اصرار تھا۔ وہ اپنے بچے کی شادی کی خوشی دیکھنا چاہتے تھے۔ جب زیادہ زور دیا گیا۔ تو فرمایا کہ میں شادی کرکے کیا کرونگا۔ کمانا جانتا نہیں مزدوری کے قابل نہیں۔ ملازمت کرنے سے رہا۔ کیوں ناحق مجھے تنگ کرتے ہو۔ اور کیوں مجھے محبوبِ حقیقی کے دربار سے جُدا کرتے ہو۔ بھلا ان کی کون سُنتا۔ تنگ آکر والد مکرم نے فرمایا۔ کہ سید احمد ماں باپ کا حکم اور حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کی سنت تیرے سامنے ہے۔ یاد رکھ۔ والدین کی نافرمانی اور سنت رسول اللہ سے روگردانی تیری زہد و ریاضت کو جلا کر خاک کردے گی۔ تو آپ کانپ اُٹھے۔ اور فوراً کہا۔ کہ ماں باپ کا حکم اور حضور علیہ الصلوٰۃ کی سنت کا بجالانا ضروری ہے۔ ورنہ تارک الدنیا ہو جاتا۔ شادی ہوئی۔ اللہ تعالیٰ نے بیوی ایسی دین دار اور صاحبِ خلق دی کہ وہ شادی جو آپ کو مصیبت معلوم ہوئی تھی۔ راحت معلوم ہونے لگی۔ کسی چیز کا مطالبہ نہیں۔ کسی چیز کا اصرار نہیں۔ جو لائے وہ لے لیا۔ جو نہ لائے اس کے لئے مجبور نہیں کیا۔ دن رات میاں بیوی یادِ خدا میں مشغول رہتے۔ اللہ تعالیٰ غیب سے روزی عطا فرماتا۔ ورنہ ظاہری طور پر گذارہ کی کوئی سبیل نہ تھی۔ نہ زمین تھی نہ ملازمت تھی۔ اور نہ تجارت تھی۔ اور نہ کوئی اور ذریعہ معاش تھا۔ لوگ حیران تھے کہ کہاں سے آتا ہے۔ ہر وقت مہمانوں اور ارادت مندوں کا مجمع رہتا۔ ہر ایک سے خندہ پیشانی سے پیش آتے دور دور سے لوگ زیارت کے لئے آتے۔ لاکھوں حاجتمند آپ کی دُعا کی برکت سے بامراد ہوگئے۔ ہزاروں بے اولاد آپ کی دُعا سے صاحبِ اولاد ہوگئے۔ سینکڑوں بے روزگاروں کو روزگار مل گئے۔ اور کئی بد باطن اور سیاہ دل جو آپ کی خدمت میں حاضر ہوئے۔ پرہیزگار اور روشن دل ہوگئے۔ غرضیکہ اعلیحضرت کو قدرت نے وہ کمال عطا فرمایا تھا۔ کہ جس کی طرف ایک بار شفقت سے نظر فرماتے۔ اُس کا بیڑا پار ہو جاتا۔ سنہ ۱۹۰۹ء میں حضور کو ورمِ جگر کا عارضہ ہوا۔ علاج کے لئے لاہور تشریف لائے۔ فرماتے تھے اس مرض سے بچنا مشکل ہے۔ لاہور اس لئے نہیں آیا کہ مرض سے صحت ہو جائے بلکہ حکم ربی ہے کہ لاہور میں میرا مستقل مکان ہو۔ حضور نے مؤرخہ ۱۸ ستمبر سنہ ۱۹۱۱ء مطابق ۲۴ رمضان المبارک سنہ ۱۳۲۹ ہجری بروز سوموار بوقت ۴ بجے شام ساٹھ سال کی عمر میں انتقال فرمایا۔ دوسرے دن صبح کے وقت جنازہ اُٹھایا گیا۔ اور ۸ بجے صبح کے قریب اس بزرگ ہستی کو سپردِ خاک کیا گیا رحمۃ اللہ علیہ +

حضور کی خود نوشت بیاض کا کچھ حصہ آیندہ اوراق پر درج ہے جس ترتیب سے حضور نے عملیات اور تعویذات کو درج فرمایا ہے۔ بعینہٖ اسی طرح نقل کر دیا گیا۔ فرق صرف یہ ہے۔ کہ حضور نے بزبان فارسی لکھا۔ خاکسار نے اس کا اردو ترجمہ کر دیا ہے +

یہ بیاض مجھے حضور رحمۃ اللہ کے صاحبزادہ جناب حضرت خلیفہ محمد مفضل صاحب مرحوم نے عنایت فرمائی تھی۔ افسوس کہ حضرت صاحبزادہ موصوف جو کہ حضور کے سچے جانشین تھے۔ مورخہ ۳۰ ستمبر سنہ ۱۹۱۶ء مطابق ۲۱ ذوالحجہ سنہ ۱۳۳۴ ہجری بروز سوموار انتقال فرما گئے + إِنَّا لِلّٰهِ وَإِنَّا إِلَيْهِ رَاجِعُونَ

انہیں میں مجھے اپنے بزرگ حضرت مولانا مولوی محمد حفیظ اللہ صاحب قریشی تاجر کتب و مالک قریشی بک ایجنسی لاہور کا شکریہ بجا لانا ضروری ہے کہ جن کی کوشش سے اور جن کے بار بار اصرار سے یہ کتاب تیار ہوئی۔ اور شائقین عملیات کی خاطر انہوں نے اسے چھپوا کر شائع کیا۔ دعا ہے۔ کہ اللہ تعالیٰ مولانا ممدوح کو اس کی جزائے خیر دے۔ اور ان کی تجارت کو فروغ عنایت فرمائے آمین ثم آمین

خاکپائے بزرگان

محمد افضل صدیقی نقشبندی غفرلہٗ

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

دردِ سر درد سر خواہ کسی قسم کی ہو۔ اُس کے لئے اسم یَاھُوَ یَاھُوَ۔ یَاھُوَ۔ یَا غَفُوْرُ یَا غَفُوْرُ کسی کاغذ پر لکھ کر بطور تعویذ کے سر پر باندھے۔ انشاءاللہ آرام ہو جائیگا +

دردِ سر جس کو درد سر ہوتا ہو۔ اُس کی پیشانی پر انگلی رکھ کر اکیس ۲۱ بار یہ پڑھ کر دم کرے۔ انشاءاللہ درد سر جاتا رہیگا۔ جڑ منڈی میتھے سُول۔ جانے آپ رسولؐ +

دردِ شقیقہ شقیقہ کی درد کے لئے دس بار سورہ فاتحہ اور دس بار سورہ کافرون پڑھ کر دم کرے۔ انشاءاللہ فایدہ ہوگا +

دردِ کان تین بار اسم یَاسَمِیْعُ پڑھ کر روئی پر دم کرکے کان میں رکھے فایدہ ہوگا۔ اور آرام آجائیگا بلکہ یہ اسم دیگر تمام قسم کی درد کے لئے زود اثر ہے +

دردِ چشم سات بار آیت وَاِنْ یَّکَادُ الَّذِیْنَ کَفَرُوْا۔ الخ پڑھ کر دم کرے +

دردِ دندان سُوْرَۃُ اَلَمْ نَشْرَحْ نو بار پڑھ کر دانت کو دم کرے یا الحمد شریف اکتالیس ۴۱ بار یا سات بار پڑھ کر دم کرے انشاءاللہ آرام ہوگا +

گوشت خورہ دندان جس کے دانتوں کو گوشت خورہ لگ گیا ہو۔ یَا اَللّٰہُ یَا رَحْمٰنُ یَا رَحِیْمُ اِنَّھُمْ یَکِیْدُوْنَ کَیْدًا وَّاَکِیْدُ کَیْدًا یَا مُحَمَّدُ الرَّسُوْلُ ایک کپڑا لے کر اُسے زور سے مروڑے۔ اور ساتھ ہی مندرجہ بالا الفاظ پڑھتا جائے جس وقت کپڑا اچھی طرح مروڑا جائے۔ چھوڑ دے۔ اور دانت پر دم کرے۔ تین بار ایسا کرے۔

انشاءاللہ آرام آجائیگا +

دردِ سر تین بار سورہ یٰسین پڑھ کر دم کرے۔ انشاءاللہ خواہ کیسی ہی سخت درد کیوں نہ ہو۔ دور ہو جائیگی +

ناف کا ڈھلنا پنجابی میں دھرن کہتے ہیں۔ ایک کپڑے کو لے کر اُسے مروڑ کر چھ بار یہ کلام پڑھ کر دم کرے۔ اور ناف والے کو کھڑا کر دے۔ کلام یہ ہے:-

جل جلالہٗ ہر دم کلمہ یاد ہو محمدؐ صاحب جنابہٗ اللہ مشکل آسان +

دردِ شکم سات بار سورۃ الم نشرح پڑھ کر پانی پر دم کرکے پلائے۔ خواہ کیسی ہی درد شکم ہو۔ انشاءاللہ فوراً دور ہو جائیگی۔ اور سات بار الحمد شریف پڑھ کر پیٹ پر دم کرے +

دردِ زانو زانو کی درد بے حد تکلیف دہ ہے۔ اُس کے لئے دس بار سورہ فاتحہ و کافرون پڑھ کر دم کرے۔ اور مندرجہ ذیل گولیاں تیار کرکے استعمال کرے:۔ میٹھا تیلیہ ایک تولہ۔ فلفل گرد ۶ ماشہ۔ پیپلا مول ۶ ماشہ۔ سُنڈھ ۶ ماشہ۔ عقر قرحا ۶ ماشہ۔ کوار گندل کے پانی سے گولی بنائے اور تازہ پانی کے ساتھ ایک گولی روزانہ صبح استعمال کرے۔

باری کا بخار جسے تیجا بخار بھی کہتے ہیں کے لئے یَاھَادُوْ یَامَادُوْ لکھ کر کسی پاک کپڑے میں باندھ کر دائیں بازو پر باندھے۔ اور یَا اَدُوْ یَاھَادُوْ لکھ کر بائیں بازو پر باندھے۔ اگر باری کے روز بخار نہ ہو۔ تو بہتر۔ اور اگر ہو جائے۔ تو دوسرے روز دائیں بازو کا تعویذ بائیں بازو پر اور بائیں بازو کا تعویذ دائیں بازو پر باندھ دیں۔ انشاءاللہ پھر بخار نہ ہوگا +

روزانہ بخار روزانہ بخار کے لئے کٓھٰیٰعٓصٓ دائیں بازو پر اور حٰمٓ عٓسٓقٓ دائیں بازو پر لکھ کر باندھے۔ انشاءاللہ بخار کو آرام آجائیگا۔ اور سیاہ مرچ کے دو تین دانوں پر سورۂ فاتحہ اور نیم کے ڈھائی پات لے کر ان پر سورہ فاتحہ پڑھ کر دونوں کو ملا کر گھوٹ کر پلائیں انشاءاللہ باری کا بخار اتر جائے گا

باری کا بخار

جس کو باری کا بخار آتا ہو۔ اُس کے دائیں ہاتھ کے ناخن پر ٹ ح م ع س ق اور بائیں ہاتھ کے ناخن پر ٹ ھ ی ع ص لکھیں۔ انشاء اللہ آئندہ بخار نہ ہوگا +

برائے چوتھا بخار و سہ روزہ بخار

یہ تعویذ لکھ کر گلے میں ڈالیں۔ انشاء اللہ آرام آ جائیگا۔

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم۔ الٰہی بحرمت خواجہ محمد صادق ابن امام ربانی مجدد الف ثانی رضی اللہ عنہ دفع تپ وباگردان یا اللہ +

برائے چوتھا بخار

یہ تعویذ لکھ کر مریض کے گلے میں یا دائیں بازو پر باندھیں۔ اور چار سیر آٹا کی روٹی پکا کر خدا کے نام پر مساکین کو کھلائیں۔ اور اس کا ثواب حضرت شیخ جنید رح کی روح مبارک کو پہنچائیں تعویذ یہ ہے۔ یا محیط یا محیطط یا محیططط یا محیطططط۔

برائے چوتھا بخار

جس کسی کو کسی دوائی یا کسی تعویذ سے چوتھے بخار کو آرام نہ آئے۔ اُس کے لئے یہ تعویذ بے حد زود اثر ثابت ہوا ہے۔ یہ تعویذ لکھ کر باری کے روز پلائیں اور گلے باندھیں۔

الٰہی بحرمت عج امیر المومنین حضرت ابوبکر صدیق رض

الٰہی بحرمت عج امیر المومنین حضرت عمر فاروق رض

الٰہی بحرمت عج امیر المومنین حضرت عثمان رضی اللہ عنہ

الٰہی بحرمت عج علی مرتضےٰ رضی اللہ عنہ

بچہ آسانی سے پیدا ہو

اگر کسی عورت کو بچہ جننے وقت بہت تکلیف ہو۔ تو یہ شعر لکھ کر دائیں ران پر باندھ دیں۔

مرا جا شد خرم را نیز جا شد
زنے دہقان بزاید یا نہ زاید

بچہ کے تولد ہونیکے بعد تعویذ کو کھول دیں +

برائے لوط

سورۃ انا اعطینا سات بار پڑھ کر پاک مٹی پر دم کریں اور ہر روز بلاناغہ لوط یا چنبل پر ملیں۔ انشاء اللہ صحت

جلد شفا ہو جائیگی +

برائے لوط و چنبل

تین بار درود ہزارہ پڑھ کر پاک مٹی کے ڈھیلے پر دم کرکے لوط اور چنبل کی جگہ پر ملے۔ انشاء اللہ آرام آ جائیگا +

برائے مرگی

اگر کوئی شخص مرگی سے بیہوش ہو جائے۔ تو اُس کے دائیں کان میں پوری آذان اور بائیں کان میں اقامت سات بار کہیں۔ انشاء اللہ اُسے ہوش آ جائے گی

برائے ام الصبیان و آسیب جن وغیرہ

سورۃ والطارق ایک بار پڑھ کر مریض کے دائیں کان میں پھونکیں۔ اور ایک بار پڑھ کر بائیں کان میں۔ پھر ایک بار دائیں کان میں اور ایک بار بائیں کان میں۔ پھر ایک بار دائیں چشم میں اور ایک بار بائیں چشم میں اور ایک بار ناک کے دائیں نتھنے میں اور ایک بار بائیں نتھنے میں اور ایک بار منہ پر دم کریں۔ پھر ایک بار پڑھ کر تمام بدن پر دم کریں۔ انشاء اللہ مریض شفایاب ہوگا +

برائے آسیب

جس شخص کو جن پری بھوت وغیرہ کا آسیب ہو۔ اُس کے کان میں سات بار آذان دیں۔ اور ایک بار سورۃ فاتحہ اور قُلْ اَعُوْذُ بِرَبِّ الْفَلَقِ اور قُلْ اَعُوْذُ بِرَبِّ النَّاسِ اور آیت الکرسی اور سورۃ وَالسَّمَآءِ وَالطَّارِقِ اور سورۃ حشر کی آخیر آئتیں ھُوَ اللّٰہُ الَّذِیْ سے آخیر تک پڑھ کر دم کریں۔ انشاء اللہ آسیب جاتا رہیگا۔ نیز آسیب کے لئے یہ بھی مجرب ہے۔ کہ سورۃ مومنین کی آئتیں اَفَحَسِبْتُمْ سے آخر تک پڑھ کر پانی دم کرکے پلا دیا جائے انشاء اللہ آرام آ جائیگا +

برائے آسیب

اگر کسی کے گھر میں جن بھوت وغیرہ پتھر پھینکتے ہوں۔ تو گھر کے چاروں طرف یہ آیت اِنَّھُمْ یَکِیْدُوْنَ کَیْدًا وَّاَکِیْدُ کَیْدًا چار لوہے کے کیل لیکر ان پردم

اُرکے اُن کو گھر کے چاروں کونوں میں گاڑ دے۔ اور اصحاب کہف کے نام
گھر کی دیواروں پر لکھے۔ انشاء اللہ تمام آسیب وغیرہ دور ہو جائے گا۔
اصحاب کہف کے نام حسب ذیل ہیں۔ اور اس طرح لکھے جائیں۔

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم۔ الٰہی بحرمت محمد وآلہٖ وسلم یَمْلِیْخَا
مَکْسِلْمِیْنَا کَشْفُوْطَطْ تَبْیُوْنُسْ اَذَرْ نَطْیُوْنُسْ کَسَا فَطْیُوْنُسْ
یُوَانَسْ بُوْنُسْ اِسْمُ کَلْبِھِمْ قِطْمِیْرُ +

فلیتہ برائے دفعِ جن

اگر کسی شخص پر جن، کا دخل ہو۔ تو اس شخص کے ناک میں اس فلیتہ کو کاغذ پر لکھ کر دھواں دیں۔ انشاء اللہ جن کا دخل دور ہو جائیگا فلیتہ یہ ہے:

۹۰۶۶۸۶۵

کیے

صــــــــــر

ع ۲۸۲ ۲۲۲ صــــــــــ ام ح و و و

برائے دفعِ جن

دریا یا نہر سے پانی لیکر اس پر یہ پڑھیں عَلِیْقَا مَلِیْقَا اَنْتَ تَعْلَمُ مَا فِیْ قُلُوْبِھِمْ مَلِیْقَا طَلِیْقَا +

یا اس عبارت کو کاغذ پر لکھ کر سرسوں کا تیل چراغ میں ڈال کر اس کاغذ کو بتی بنا کر جلائیں۔ جیسے ہی بتی جلنے لگے گی جن بھاگ جائیگا۔

فلیتہ برائے دفعِ جن وغیرہ

یہ تعویذ برائے دفع جن و بھوت وغیرہ کے لئے اکسیر ہے۔ اس تعویذ کو لکھ کر بتی بنالیں۔ اور چراغ میں سرسوں کا تیل ڈال کر اسے جلائیں۔ بتی کے جلتے ہی انشاء اللہ جن و پری کا دخل جاتا رہے گا + نقش یہ ہے

را	ح	۱۰	ھا
۱۲	۱۳	۱۳	۷
۱۶	۳	۶	ھ۸
ع	۱۵	ع۱	ھ

فلیتہ جن

یہ فلیتہ جس کا نقشہ درج ذیل ہے۔ جن و پری و دیو کے آسیب کے لئے اس قدر زود اثر ہے۔ کہ جہاں یہ فلیتہ دکھایا گیا جن وغیرہ مریض کو چھوڑ کر بھاگ جاتا ہے۔ ترکیب یہ ہے کہ ایک سفید کاغذ لیکر مریض کے تمام جسم پر ملیں کہ جسم کا کوئی حصہ باقی نہ رہے پھر اس کاغذ پر نقش وغیرہ لکھ کر بتی بنالیں۔ اور سرسوں کا تیل چراغ میں ڈال کر اس بتی کو جلائیں مریض کو کہہ دیں۔ کہ وہ بتی کو دیکھے۔ انشاء اللہ چند منٹ کے بعد جن یا سایہ نکل جائیگا:

فلیتہ یہ ہے

۸	۱۱	۱۴	.
۱۳	۲	۷	۱۲
۳	۱۶	۹	۶
۱۰	۵	۴	۱۵

فرعون علیہ اللعنت مرود علیہ اللعنت شداد علیہ اللعنت قارون علیہ اللعنت ابلیس علیہ اللعنت ابوجہل علیہ اللعنت آنچہ در وجود فلاں ابن فلاں داخل شدہ است در نجش مے رسانند۔ دریں فتیلہ حاضر شود +

کثرت احتلام

جس شخص کو خواب میں شیطان تنگ کرے۔ وہ سوتے وقت سورۃ والسماء والطارق کو پڑھ کر سویا کرے انشاء اللہ کبھی احتلام نہ ہو گا +

برائے کم خوابی

جس کو نیند نہ آتی ہو۔ وہ سوتے وقت یہ آیت کو پڑھے۔ انشاء اللہ نیند جلد آجائے گی۔
اِنَّ اللّٰہَ وَمَلٰٓئِکَتَہٗ یُصَلُّوْنَ عَلَی النَّبِیِّ یٰٓاَیُّھَا الَّذِیْنَ اٰمَنُوْا صَلُّوْا عَلَیْہِ وَسَلِّمُوْا تَسْلِیْمًا (سورۃ احزاب ۵۶)

برائے دفع مرگی

بروز اتوار بوقت فجر تانبہ کی تختی کے ایک طرف یَا قَھَّارُ اَنْتَ الَّذِیْ لَا یُطَاقُ اِنْتِقَامُہٗ
یا قہار اور دوسری طرف یَا مُذِلَّ کُلِّ جَبَّارٍ عَنِیْدٍ بِقَھْرِ عَزِیْزِ سُلْطَانِہٖ

یَامُذِلُّ گھد واکر تعویذ کو مریض کے گلے میں ڈال دیں۔ انشاء اللہ دوبارہ دورہ نہ ہوگا۔

فلیتہ برائے جن و پری وغیرہ

یہ فلیتہ اُس جگہ استعمال کرنا چاہئے جس جگہ معلوم ہو کہ مریض کو کسی بڑے سخت جن کا سایہ ہے۔ انشاء اللہ اس فلیتہ کے جلتے ہی جن وغیرہ جل جائیگا۔ بتی بنا کر سرسوں کا تیل چراغ میں ڈال کر جلائیں۔ اور جس کاغذ پر تعویذ لکھیں۔ اُس کاغذ کو مریض کے تمام بدن پر مل لیں جس طرف سے ملیں اُسی طرف لکھیں۔ تعویذ لکھتے وقت سورہ مزمل پڑھتے رہیں۔

فلیتہ یہ ہے

۹	۱۶	۱۱	۱۸
۹	۱۷	۱۵	۱۳
۹	۱۲	۱۹	۱۴

آنچہ در وجود فلاں بن فلاں از قسم جن و پری
یا دیگر بلائے است حاضر شود بسوزد

فلیتہ برائے جن

جس سے جن و پری دیو وغیرہ جل کر خاک سیاہ ہو جاتے ہیں یا نظر بد وغیرہ دور ہو جاتی ہے۔

۲۸	۱۹	۱۰	۱	۲۸	۲۹	۳۰
۲۹	۲۶	۱۸	۹	۷	۲۷	۳۸
۳۷	۳۵	۲۶	۱۷	۸	۶	۳۶
۲۵	۳۶	۳۲	۲۵	۱۶	۱۲	۵
۲	۲۲	۲۲	۳۳	۳۱	۱۵	۱۳
۱۲	۳	۲۳	۲۱	۳۲	۲۳	۲۱
۲۰	۱۱	۴	۲۹	۲۰	۳۱	۲۲

آنچہ در وجود فلاں بن/بنت فلاں از قسم جن و بھوت و چڑیل و گفتار و دیوان و پری و جنان و خبیث و خبیثان و جوگی و مسان و سحر و جمیع شیاطین عفریت فلاں بن/بنت را رنجش مے رساند دریں فلیتہ حاضر شدہ بسوزد و خاکستر شود و زائل شود۔

علیفا ملیفا طلیفا العجل العجل العجل الساعۃ الساعۃ الساعۃ الوحا الوحا الوحا و جنبان

برائے جن دیو وغیرہ

اگر کسی کو جن کا دخل ہو۔ تو مندرجہ ذیل عزیمت تین دفعہ پڑھ کر پانی پر دم کرے اور مریض کو پلائے۔ اور اُس کے منہ پر چھینٹے دے۔ جن بولیگا اور شور کریگا۔ اس کو کہہ دے کہ نکل جائے۔ اگر وہ نہ نکلے۔ تو اس عزیمت کا فلیتہ بنا کر جلائے۔ اگر پھر بھی نہ مانے۔ تو اُس کا دھوآں مریض کے ناک میں دے۔ فوراً جن جل کر خاکستر ہو جائیگا۔ اور مریض کو آرام آجائے گا۔

عزیمت یہ ہے:۔

عَزَمْتُ عَلَیْکُمْ بِرَبِّ جِبْرَائِیْلَ وَمِیْکَائِیْلَ وَاِسْرَافِیْلَ وَعَزْرَائِیْلَ اَصْحٰبَنَا الَّذِیْ جَعَلَ الْعَرْشَ عَزَمْتُ عَلَیْکُمْ بِالَّذِیْ اَجَابَ اَذْهَبَ لَهٗ عِیْسٰی ابْنَ مَرْیَمَ وَاَیَّدْنَاهُ بِرُوْحِ الْقُدُسِ عَزَمْتُ عَلَیْکُمْ بِخَاتَمِ سُلَیْمَانَ بْنِ دَاوٗدَ عَلَیْهِ السَّلَامُ الَّذِیْ سَخَّرَ لَهُ الرِّیَاحُ وَالْجِنُّ وَالشَّیَاطِیْنُ سَرِیْعًا جس تیل میں فلیتہ جلائے۔ وہ تیل پاک ہو۔ اور تیل کڑوا ہو۔ تو بہتر ہے۔

حاضرات

اگر کسی کی کوئی چیز گم ہو جائے۔ یا کسی کو کوئی ایسی مرض ہو۔ کہ اُس کا پتہ نہ چلے۔ یا کوئی گم ہو گیا ہو تو حاضرات کرنے سے انشاء اللہ پتہ مل جائیگا۔ ترکیب یہ ہے کہ کسی ایسے لڑکے یا لڑکی کو جو بُرائی سے بچا ہُوا ہو غسل دیکر اور پاک صاف کپڑے پہنا کر پاک جگہ پر بٹھا دیں۔ اور تین دھونی عبارت مندرجہ ذیل کی اور روئی لپیٹ کر کورے چراغ میں کڑوا تیل ڈال کر جلائیں۔ اور لڑکے کو کہہ دیں کہ وہ بتی کی طرف بغور دیکھتا رہے۔ اور ساتھ ہی کلام ہذا کو بار بار پڑھ کر لڑکے کو دم کرتے جائیں۔ کلام یہ ہے:۔ یاد باد شاہ خداوند بادشاہ نے یاد کیا۔ کل بلا حاضر

یا باسط الظاہر عالم الغیب پیدا نہ پیدا یا خبیر۔ اوّل آیۃ الکرسی ایک بار اور اوّل و آخر درود شریف سات بار پڑھ کر لڑکے کو بار بار دم کرے۔ اور لڑکے سے دریافت کرے کہ تجھ میں کسی آدمی کی شکل نظر آتی ہے۔ جس وقت لڑکا کہے کہ ہاں کوئی آدمی دکھائی دیتا ہے۔ تو پھر اُسے کہے کہ اس شخص کو کہو کہ صفائی کرنے والے کو لائے۔ جب صفائی والا آجائے تو اُس سے کہے کہ صفائی کرے۔ جب وہ صفائی کر چکے۔ تو لڑکے سے دریافت کرے کہ صفائی ہو چکی ہے۔ تو کہو کہ بہشتی آکر چھڑکاؤ کرے۔ جب چھڑکاؤ ہو چکے تو کہے کہ تخت سلیمان لاؤ۔ جب تخت آجائے۔ تو کہے کہ چور کو یا جس شخص نے مریض کو سحر کیا ہے۔ اُس کو یا جو کہیں چلا گیا ہے۔ اس کو حاضر کرو۔ اس سے اُس کا نام۔ جگہ کا نام اور مکان وغیرہ کا نام یا جو مناسب ہو۔ دریافت کرو۔ تمام جواب ملیگا۔ بچہ خواہ لڑکا ہو یا لڑکی۔ لیکن آٹھ سال سے کم کا ہو۔ مندرجہ ذیل فلیتہ کی تین بتی تیار کرے:-

١٩٩٩ ٢١٢١٨٩ ١

و

حاضرات

ہر قسم کی باتیں معلوم کرنیکے لئے ترکیب یہ ہے کہ پانی کے کنارے بیٹھ کر باوضو سترہ روز بلا ناغہ ایک سو سات بار پڑھے

عَزَمْتُ عَلَیْکُمْ یَا مَعْشَرَ الْجِنِّ وَالْاِنْسِ (تِبْ یِ دالِ وذالِ) ۴ بار بِحَقِّ جِبْرَائِیْلَ عَلَیْہِ السَّلَامُ بِحَقِّ مِیْکَائِیْلَ عَلَیْہِ السَّلَامُ بِحَقِّ اِسْرَافِیْلَ عَلَیْہِ السَّلَامُ بِحَقِّ عِزْرَائِیْلَ عَلَیْہِ السَّلَامُ بِحَقِّ سُلَیْمَانَ ابْنِ دَاوٗدَ عَلَیْہِ السَّلَامُ بِحَقِّ یَا بُدُّوْحُ۔ حاضر بابا حاضر بابا حاضر بابا سترہ روز کے بعد جس کام کے معلوم کرنے کے لئے پڑھیگا معلوم ہو جائیگا

برائے مار گزیدہ

جس شخص کو سانپ کاٹ جائے۔ اس کو مندرجہ ذیل کلام پڑھ کر پانی پر دم کرکے پلائے اور جو شخص پیغام لائے۔ اُس کو بھی پلاوے۔ مار گزیدہ کو فوراً آرام آجائیگا۔ کلام یہ ہے:- اوّل نام خدا کا دوجا نام رسول۔ دوہائی چار یار کبار دی ہدایہ پیر دستگیر کا اذن گوگے پیر کا +

برائے درد نصف سر

کنواری لڑکی کا کاتا ہوا سوت لیکر اس کے ۱۳ تار بنائیں اور ہر ایک تار پر اِنَّ الْمُبَذِّرِیْنَ کَانُوْٓا اِخْوَانَ الشَّیٰطِیْنِ ؕ وَکَانَ الشَّیْطٰنُ لِرَبِّہٖ کَفُوْرًا تک پڑھ کر گرہ دے اسی طرح تیرہ گرہ دیدے۔ اور یہ عمل بوقت آغاز سورج کے کرے۔ اور اس دھاگے کو درد نیم سر والے کو باندھ دے انشاءاللہ فوراً آرام آجائیگا +

تعویذ برائے درد نیم سر

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْم

بحق بادر (؟) جبرائیل علیہ السلام

١	١٤	١١	٨
١٢	٠	٢	١٣
٦	٩	١٦	٣
١٥	٤	٥	١٠

بحق بادر دائیل علیہ السلام

تعویذ برائے درد نیم سر

اس تعویذ کو لکھ کر کسی پاک کپڑے میں لپیٹ کر سر کو باندھیں۔

ابا بکر صدیق رضی اللہ عنہٗ	عمر بن خطاب رضی اللہ عنہٗ	عثمان بن عفان رضی اللہ عنہٗ	علی المرتضیٰ کرم اللہ وجہٗ
توریت	انجیل	زبور	فرقان

برائے ناف

اس تعویذ کو لکھ کر کمر سے باندھیں۔ اور نو پیسے مریض سے لیکر کسی حاجتمند کو دیدے۔ تو یز اگلے صفحہ پر

تعویذ یہ ہے

٦٠	٠٦	
٦٠	٠٦	

باولہ کتے کے کاٹے کے لئے

کمہار کے ہاں سے وہ مٹی کہ جس کے برتن بناتے ہیں۔ لیکر اس مٹی کو چاک جس پر برتن بناتے ہیں رکھ کر سات پھیرے دائیں طرف اور سات پھیرے بائیں طرف دیکر۔ پہلے گیارہ دفعہ درود شریف اور پھر گیارہ بار سورۃ الم تر کیف پڑھ کر مٹی پر دم کرے۔ اور اس مٹی کو جس شخص کو کتے نے کاٹا ہو۔ اُس کے تمام جسم پر پھیرے۔ اور دیکھے کہ اس میں سے کوئی بال نکلا ہے۔ یا نہیں۔ اگر بال نکلے ہوں۔ تو اُن کو نکال کر پھینک دے۔ اور پھر مٹی کو دم کر کے دوبارہ مریض کے بدن پر ملے۔ اور پھر بال دیکھے۔ حتیٰ کہ اُس وقت تک کہ جب تک مٹی سے بال نکلنے بند نہ ہوں کرتا جائے۔ جونہی بال نکلنے بند ہو نگے۔ مریض کو آرام آجائیگا + اس کے ساتھ

برائے تلی

اوّل سات بار درود شریف پڑھ کر پھر گیارہ دفعہ سورۃ الم نشرح پڑھے۔ پھر سات بار درود شریف پڑھ کر تیز اُسترہ کی دھار پر دم کر کے تلی کی جگہ پر اُسترے کو مارے۔ سات روز ایسا کرنے سے تلی جاتی رہے گی +

تعویذ برائے تلی

مریض کی تلی کی جگہ پر مٹی کے برتن کا ٹکڑا لیکر اس کو پانی میں بھگو کر رکھیں۔ اور اُس کے اوپر یہ تعویذ باندھ دیں۔ اگر وہاں آبلہ نکل آئے تو اُس پر عنبر کا لیپ کریں۔

٧٨٦

یا اللہ

یا اللہ | یا اللہ

یا حضرت محمد الرسول اللہ یا ابوبکر صدیق یا عمر خطاب یا عثمان غنی یا علی المرتضیٰ کرم اللہ وجہہٗ

یا اللہ | یا اللہ

تعویذ برائے ناف

ہفتہ یا منگل کے روز یہ تعویذ لکھنا چاہیئے اور مریض کی کمر میں باندھے۔

٧٨٦

واللہ	غالب	علے	امرہ	ولاکن
غالب	علے	امرہ	ولاکن	اکثر
علے	امرہ	ولاکن	اکثر	الناس
امرہ	ولاکن	اکثر	الناس	لا
ولاکن	اکثر	الناس	لا	یعلمون

برائے تلی

اس نقشہ کو بنا کر اور ایک سوئی لے کر لکیر پر گاڑ دے۔ اور خیال مریض کی تلی کی طرف رکھے۔ اس طرح ہر ایک لکیر پر کرے۔ انشاء اللہ آخیر تک آتے ہی فایدہ ہو جائے گا۔

برائے گم شدہ

جو شخص کہیں چلا جائے یا کہیں گم ہو جائے۔ اور باوجود بسیار تلاش کے اس کا پتہ نہ ملے۔ تو یہ الفاظ کسی کاغذ پر لکھ کر کسی پتھر کے نیچے رکھے۔ انشاء اللہ یا تو گم شدہ واپس آ جائیگا۔ یا اُس کا پتہ مل جائیگا جس وقت پتہ مل جائے۔ یا آ جائے۔ تو اُس پتھر کے برابر شکر سفید یعنے کھانڈ وزن کر کے اور اُس پر خواجہ شیخ فرید شکر گنج کا ختم پڑھوا کر غربا کو تقسیم کر دے یا شربت بنا کر پلا دے۔

الٰہی بحق شیخ فرید شکر گنج فلاں بن فلاں را حاضر کن

نوٹ:۔ جس جس جگہ فلاں بن فلاں لکھا گیا ہے۔ یا فلاں بنت فلاں درج ہے۔ تو اُس سے مطلب یہ ہے کہ مریض یا جس شخص کے لئے تعویذ لکھا جائے۔ اُس کا نام اور اس کے باپ کا نام لکھا جائے۔ یہ بات یاد رکھیں۔

برائے گریختہ

یہ تعویذ بارہا کا آزمودہ اور مجرب ہے۔ خواہ کتنے ہی برس کسی آدمی کو گم ہوئے گذر گئے ہوں ۷۸۶ واپس آجائیگا یا پتہ مل جائیگا۔ اور اگر خدانخواستہ گم شدہ شخص فوت ہو گیا ہے۔ تو بھی اُس کی موت کی اطلاع آجائیگی۔ ۷۸۶

اس تعویذ کو چرخے سے باندھ دیا جائے۔ اور اُس کے سات پھیر الٹی طرف روزانہ دیا کریں۔ انشاء اللہ ایک ہفتہ کے اندر اندر پتہ مل جائیگا +

برائے حُب

عَسَى اللّٰهُ اَنْ يَّجْعَلَ بَيْنَكُمْ وَبَيْنَ الَّذِيْنَ عَادَيْتُمْ مِّنْهُمْ مَّوَدَّةً ؕ وَاللّٰهُ قَدِيْرٌ ؕ وَاللّٰهُ غَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ ۝ یہ آیت ایک سو تین بار پڑھ کر نمک پر دم کرکے مطلوب کو کسی طریقہ سے کھلادیں۔ خواہ پانی میں ملا کر یا کسی کھانے کی چیز میں شامل کرکے۔ انشاء اللہ چند روز کے بعد مطلوب طالب کو مل جائے گا۔ آیت کے اوّل و آخر درود شریف ۲۲ بار پڑھ لیں +

برائے محبت

بدھ کے روز سورہ یٰسین تین بار اس طریق سے پڑھیں کہ جب لفظ مبین آئے۔ تو اس کو ۱۳ بار دھرائیں۔ اِس طرح سات مبین کو پڑھیں۔ اور گڑ پر دم کرکے مطلوب کو کھلائیں۔ انشاء اللہ تعالیٰ مطلوب بے قرار ہو کر ملنے کی خواہش کریگا +

برائے محبت

آیت يُحِبُّوْنَهُمْ كَحُبِّ اللّٰهِ ؕ وَالَّذِيْنَ اٰمَنُوْٓا اَشَدُّ حُبًّا لِّلّٰهِ کے تین تعویذ لکھ کر تین دن بلا ناغہ مطلوب

کو کھلائیں۔ انشاء اللہ مطیع ہو جائیگا + (سورۃ البقرہ ۱۶۵)

برائے محبت

قَدْ شَغَفَهَا حُبًّا ۔ یَا وَدُوْدُ۔ بعد نماز شام تین سو بار پڑھ کر گڑ پر دم کرکے مطلوب کو کھلائے انشاء اللہ مطلوب اُس کے کھاتے ہی بے قرار ہو کر حاضر ہو جائیگا۔ یہ تعویذ اُن دو شخصوں کے آپس میں صلح کرانے کے لئے بھی بے حد مفید ہے۔ کہ جو ایک دوسرے کے جان کے دشمن ہوں +

برائے محبت

سورہ اخلاص کو اکتالیس ۴۱ بار بسم اللہ کے ساتھ اوّل و آخر درود شریف پڑھ کر کسی شیرینی پر دم کرکے مطلوب کو کھلائیں۔ پڑھتے وقت مطلوب کا تصور دل میں رکھیں۔ انشاء اللہ مطلوب بے قرار ہو جائیگا +

دشمن سے بچاؤ کے لئے

سورۃ اَرَاَيْتَ الَّذِىْ سات روز ۱۷ بار ہر روز بوقت دوپہر کسی بیابان جنگل میں جا کر دشمن کا تصور کرکے پڑھیں۔ انشاء اللہ یا تو دشمن دوست ہو جائیگا۔ یا اس کا قصہ تمام ہو جائیگا +

دشمن سے بچاؤ کے لئے

ہزار بار یا خضر یا الیاس اوّل و آخر تین بار درود شریف کے ساتھ پڑھ کر ہاتھ اُٹھا کر تین بار پھر یہی پڑھ کر اس طرح دعا مانگے۔ الٰہی مجھے فلاں بن فلاں دشمن سے محفوظ رکھیو۔ اور اس کے شر سے بچائیو کیونکہ تو ہی سب سے بچانے والا ہے +

کامیابی کے لئے

جب کسی کام یا کسی مقصد کے لئے اپنے گھر یا اپنے گاؤں یا اپنے شہر کی گلی یا محلے سے نکلے تو تین بار سورہ سَبِّحِ اسْمَ رَبِّكَ پڑھے۔ اور جس جگہ جائے وہاں تین بار سورہ لَآ اُقْسِمُ پڑھ کر دم کرے۔ انشاء اللہ کامیاب واپس آئیگا +

دشمن کے لئے

جو شخص کسی کے ظلم سے خوف رکھتا ہو۔ اُسے چاہئے کہ ہر وقت خواہ اس کا وضو ہو یا نہ ہو

یہ دعا پڑھتا رہے۔ اَللّٰهُمَّ اِنَّا نَجْعَلُكَ فِیْ نُحُوْرِهِمْ وَنَعُوْذُ بِكَ مِنْ شُرُوْرِهِمْ +

برائے محبت ودشمنی

خاکروب کی قبر یا ہندو کے مسان سے کنکر لیکر اس پر سورہ لِاِیْلٰفِ گیارہ بار پڑھ کر دم کرے۔ اور دشمن کے گھر میں پھینک دے۔ انشاء اللہ چند روز کے بعد دشمن تباہ و برباد و غارت ہو جائیگا۔ اور اگر محبت کے لئے درکار ہو تو اس سورہ کو گیارہ بار مصری پر پڑھ کر مطلوب کو کھلائے۔ انشاء اللہ خواہ کیسا ہی سخت دل کیوں نہ ہو۔ محبت کے لئے خواہش کریگا +

جس کو ہمیشہ سانپ کاٹتا ہو

بعض ایسے شخص ہیں کہ ان کو لازماً ہر ماہ یا ہر چھ ماہ یا ہر سال کے بعد ضرور سانپ کاٹتا ہے۔ اس کے لئے یہ آیت بروز اتوار باوضو وقت فجر لکھ کر پلا دے۔ اور تعویذ بنا کر اس کے گلے میں ڈال دے انشاء اللہ پھر کبھی سانپ نہ کاٹے گا۔ بسم اللہ الرحمٰن الرحیم۔ س لا م ق ولا من رب ح ی م

گلے کی ورم کے لئے

جس شخص کے گلے پر ورم ہو جائے اس کو یہ آیت بروز اتوار بوقت فجر باوضو لکھ کر دیدے۔ تاکہ وہ گلے میں باندھے: بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ مِنْهَا خَلَقْنٰكُمْ وَفِيْهَا نُعِيْدُكُمْ وَمِنْهَا نُخْرِجُكُمْ تَارَةً اُخْرٰى ۝ كٓهٰيٰعٓصٓ حٰمٓ عٓسٓقٓ (سورہ طٰہٰ ۵۵)

برائے جن وپری یا ڈراؤنی خواب

جس شخص کو جن وغیرہ کا سایہ ہو۔ یا کسی کو خوفناک خواب آئے۔ تو یہ لکھ کر اس کے گلے میں ڈال دے۔ انشاء اللہ پھر کبھی ایسا نہ ہوگا:۔ بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ۔ اَعُوْذُ بِكَلِمٰتِ اللّٰهِ التَّامَّاتِ مِنْ غَضَبِهٖ وَشَرِّ عِبَادِهٖ وَمِنْ هَمَزَاتِ الشَّيَاطِيْنِ وَاَنْ يَّحْضُرُوْنِ اَهِيًا اَشْرَاهِيًا اَللّٰهُ حَافِظِیْ اَللّٰهُ نَاصِرِیْ اَللّٰهُ نَاظِرِیْ اَللّٰهُ مَعِیْ فَاللّٰهُ خَيْرٌ حَافِظًا وَّهُوَ اَرْحَمُ الرّٰحِمِيْنَ حَسْبِیَ اللّٰهُ نِعْمَ الْوَكِيْلُ نِعْمَ الْمَوْلٰى وَنِعْمَ النَّصِيْر

برائے خوف

جس شخص کو کسی جگہ سے یا کسی آدمی سے خوف آتا ہو

یا وہ کسی سخت مصیبت میں مبتلا ہو۔ تو یہ دعا پڑھتا رہے۔ انشاء اللہ اس سختی سے محفوظ رہیگا + اَللّٰهُ حَافِظِیْ اَللّٰهُ نَاصِرِیْ اَللّٰهُ نَاظِرِیْ اَللّٰهُ مَعِیْ +

برائے درد

خواہ کسی قسم کا درد ہو۔ یہ تعویذ جو جناب حضرت مجدد الف ثانی کا معمول تھا۔ فائدہ بخش ہے +

۷۸۶

من کہ گویم	کہ گویم	کہ من	یا مکن
تو شاہ	جہاں	ہر چہ خواہی	آں مکن

برائے حمل

جس عورت کو یا گھوڑی یا گائے یا بھینس یا بکری کو حمل نہ ہو۔ تو یہ تعویذ لکھ کر اس کے گلے باندھ دے۔ انشاء اللہ حمل قرار پا جائیگا:۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ۔ اسْتَغْفِرُوْا رَبَّكُمْ اِنَّهٗ كَانَ غَفَّارًا يُّرْسِلِ السَّمَآءَ عَلَيْكُمْ مِّدْرَارًا وَّيُمْدِدْكُمْ بِاَمْوَالٍ وَّبَنِيْنَ وَيَجْعَلْ لَّكُمْ جَنّٰتٍ وَّيَجْعَلْ لَّكُمْ اَنْهٰرًا مَا لَكُمْ لَا تَرْجُوْنَ لِلّٰهِ وَقَارًا وَقَدْ خَلَقَكُمْ اَطْوَارًا كٓهٰيٰعٓصٓ حٰمٓ عٓسٓقٓ + (سورہ نوح ۱۱)

برائے ثمر

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ اگر عورت یا گائے یا بھینس یا گھوڑی کو حمل نہ ہو۔ یا باغ یا سبزی کو پھل نہ لگتا ہو تو یہ تعویذ لکھ کر گلے میں باندھیں یا زمین پر نصب کر دیں۔ انشاء اللہ حمل قرار پا جائیگا +

عـ ۱۱غ ۲۷ ۱۱ ۱۱ ۱۱ ۱۱ س عـ ۱۱۰ع ۱ عوا

مکھن زیادہ ہو

اگر دودھ بلوتے وقت یہ تعویذ مدھانی سے باندھ دیں۔ تو مکھن زیادہ نکلے:۔

ذٰلِكَ فَضْلُ اللّٰهِ يُؤْتِيْهِ مَنْ يَّشَآءُ وَاللّٰهُ ذُو الْفَضْلِ الْعَظِيْمِ ۝

چھوٹی عمر میں اولاد کا مرنا

جس کسی کے بچے چھوٹی عمر میں فوت ہو جاتے ہوں اور کوئی زندہ نہ رہتا ہو۔ تو اس کے لئے پانچ تعویذ لکھے۔ ایک عورت کے گلے باندھ دے بچہ پیدا ہونے سے ۴ ماہ پیشتر تعویذ گلے میں ڈالتے وقت کچھ صدقہ دے

اور نماز نفل پڑھے۔ اور باقی چار تعویذ مٹی کے کسی چھوٹے سے چار برتنوں
میں ایک ایک ڈال کر گھر کے چاروں کونوں میں دبا دیں جب نو ماہ گذر
جائیں اور بچہ بچی تولد ہو جائے۔ تو پھر زچہ کے گلے سے تعویذ اتار کر مولود
یعنی پیدا شدہ بچے کے گلے میں ڈال دیں۔ اور اُس کو اچھی طرح پاک و
صاف کریں۔ تعویذ یہ ہے:۔

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ حَسْبِیَ اللّٰہُ وَکَفٰی بِاللّٰہِ اِیَّاکَ نَعْبُدُ
اِیَّاکَ نَسْتَعِیْنُ وَلَا حَوْلَ وَلَا قُوَّۃَ اِلَّا بِاللّٰہِ الْعَلِیِّ الْعَظِیْمِ ۝ اِنَّہٗ
مِنْ سُلَیْمٰنَ وَاِنَّہٗ بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ اَلَّا تَعْلُوْا عَلَیَّ وَاْتُوْنِیْ
مُسْلِمِیْنَ قَالَ عِفْرِیْتٌ مِّنَ الْجِنِّ اَنَا اٰتِیْکَ بِہٖ قَبْلَ اَنْ تَقُوْمَ مِنْ
مَّقَامِکَ وَاِنِّیْ عَلَیْہِ لَقَوِیٌّ اَمِیْنٌ فَاللّٰہُ خَیْرٌ حَافِظًا وَّ ھُوَ
اَرْحَمُ الرّٰحِمِیْنَ +

اس کے ساتھ ہی یا رحمٰن کا تعویذ لکھ کر عورت کو دیا جائے تا کہ وہ شروع
حمل سے لیکر وضع حمل تک صبح سویرے نہار منہ اُس کو پانی میں گھول کر
پی لیا کرے۔ اور ساتھ سیاہ مرچ اور اجوائن اتنی مقدار میں کر جو بعد وضع
حمل بچے کے دودھ پینے تک کافی ہو۔ لیکر سوموار کے دن باوضو دوپہر کے
بعد سورہ والشمس اکتالیس بار پڑھ کر دم کرے۔ اور دو تین دانے اجوائن کے
اور ایک سیاہ مرچ صبح سویرے بغیر کچھ کھائے پئے کھانے کو دے۔ اور
جب خدا کے فضل سے بچہ پیدا ہو۔ تو اُس کے دودھ پینے تک متواتر اس کا
استعمال جاری رکھے۔ انشاء اللہ تعالیٰ اولاد جو پیدا ہو گی۔ زندہ رہے گی۔
اور اپنی طبعی عمر کو پہنچیگی۔ آزمودہ اور مجرب ہے +

برائے اولاد

اگر کسی کے گھر اولاد نہ ہوتی ہو۔ یا ہو کر مر جاتی ہو تو
وہ شخص اپنی عورت کے ہر دو پستانوں پر تین سطروں
میں اپنی شہادت کی انگلی سے یہ عبارت لکھے:۔

ہمارے گھر لڑکا تولد ہو گا۔ تو اس کا نام محمد احمد رکھیں گے۔

اور یہ عربی عبارت عورت کی ناف پر ہاتھ رکھ کر سات بار پڑھے اور
دم کرے۔ اور منگل سے شروع کر کے سات روز ایسا ہی کرے۔ عبارت یہ ہے
اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ سَمَّیْتُ مَا فِیْ بَطْنِ ھٰذِہِ الْمَرْاَۃِ الْحَامِلَۃِ مُحَمَّدًا اَحْمَدًا +

برائے اولاد

جس عورت کے ہاں اولاد نہ ہو۔ سورہ مزمل گیارہ بار
پڑھ کر ایک پاؤ دودھ پر دم کر کے عورت
خاوند دونوں کو پلائے۔ لیکن شرط یہ ہے۔ کہ عورت ایام حیض میں نہ ہو۔ اور
اوّل روزہ رکھے۔ اور افطار روزہ اُس دودھ سے کرے۔ اور اُسی رات کو
عورت سے ہمبستر ہو۔ پھر دوسرے دن اسی طرح روزہ رکھے۔ اور افطار
اسی طرح دم شدہ دودھ سے کرے۔ انشاء اللہ تین روز متواتر کرنے سے
حمل ہو جائے گا +

برائے اولاد

یہ تعویذ ہمزہ جو کہ خاص بزرگانِ دین سے مروی ہے۔
اس کو لکھ کر عورت کو پینے کے لئے دے۔ اور شروع
ماہ سے شروع کرائے۔ اور ایک تعویذ گلے میں لٹکائے۔ جو ناف کے اوپر رہے
تعویذ کھانے یا لٹکانے کے وقت اگر ہو سکے تو کچھ صدقہ بھی دے +
۷۸۶

ھ	ھ	ھ	ھ	ھ	ھ	ھ	ہ
*	۶	۶	۶	۶	۶	۶	۶
و	ھ	صـ	۴				

لاغر بچہ کے لئے

اگر لڑکا لڑکی لاغر ہو کر بالکل سوکھ کر کانٹا
ہو جائے۔ تو اسم یا رحیم گیارہ بار لکھ کر
ہر روز ایک بار پانی میں گھول کر بچہ کو پلا دے اور نام کفار کے جو یہ ہیں۔
نمرود۔ فرعون۔ ہامان۔ شداد۔ قارون۔ ابلیس اتوار کے روز کاغذ پر لکھ کر
لوہے کی چھاننی کے نیچے رکھ کر اور بچہ کو بٹھلا کر نہلائے۔ جس وقت نہلا
چکے۔ تو ان ناموں کو مٹی میں دفن کر دے۔ بسات اتوار متواتر اس طرح کرے
انشاء اللہ بچہ بالکل تندرست ہو کر فربہ ہو جائیگا +

شکم میں بچے کا خشک ہونا

اگر کسی عورت کے پیٹ
میں بچہ خشک ہو جائے

تو اس تعویذ کو پانی میں گھول کر پلائیں۔ انشاء اللہ بچہ زندہ اور تندرست پیدا ہوگا ۔ بسم اللہ الرحمٰن الرحیم ۔ علے علے علے علے علے علے علے علے علے

لہ لہ لہ لہ لہ لہ لہ ھہ ھہ ھہ ھہ ھہ ھہ ھہ

میسر میسر میسر میسر میسر میسر میسر میسر

نظر بد کے لئے

ایک دھاگا تین ہاتھ لمبا بکر جس کو نظر لگی ہو۔ اُس کے پاس رکھے۔ اور اس عمل کو تین بار پڑھے ایک بار پڑھ کر دھاگا کو دیکھے۔ اگر کم یا زیادہ ہوگیا ہو۔ تو نظر ہے۔ اگر برابر رہے تو نظر نہیں۔ اگر معلوم ہوجائے کہ نظر ہے۔ تو اس عمل کو پڑھے۔ اور اول بسم اللہ ولا حول ولا قوۃ الا باللہ العلی العظیم تین بار پڑھے اور سورہ الحمد کو تین بار پڑھ کر عمل کو شروع کرے اور بجائے فلاں بن فلاں کے اس شخص کا اور اس کے ماں باپ کا نام لیوے۔ انشاء اللہ خواہ کیسی ہی سخت نظر کیوں نہ ہو۔ دور ہوجائے گی + عمل یہ ہے

شہت

عزمت علیک ایتھا العین التی فی فلان بن فلانتہ بحق ھت ان تذھب بانقطاع النجا بالذی لا یعوی علیہ ارض ولا سماء اخرجی یا نفس السوء من فلاں بن فلانہ کما اخرج من یوسف من مضیق وجعل لموسیٰ فی البحر طریقا والا فانت بری منک اخرجی یا نفس السوء من فلاں بن فلانہ بالف الف قل ھو اللہ احد اللہ الصمد لم یلد ولم یولد ولم یکن لہ کفوا احد

اخرجی یا نفس السوء بالف الف لا حول ولا قوۃ الا باللہ العلی العظیم۔ وننزل من القرآن ما ھو شفاء ورحمۃ للمومنین۔ لو انزلنا ھذا القرآن علی جبل لرایتہ خاشعا متصدعا من خشیۃ اللہ فاللہ خیر حافظا وھو ارحم الراحمین۔ حسبنا اللہ ونعم الوکیل نعم المولیٰ ونعم النصیر ولا حول ولا قوۃ الا باللہ العلی العظیم۔ وصلی اللہ تعالیٰ علی نبینا وسیدنا محمد وآلہ واصحابہ وسلم +

برائے تپ لرزہ

اگر کسی کو تپ لرزہ ہو۔ اور کسی دوا یا دعا سے آرام نہ آئے۔ تو یہ تعویذ پلائے۔ انشاء اللہ آرام آجائیگا۔ سات پتے پیپل کے لے کر اُن پر یہ تعویذ لکھے۔ اور ان پتوں کو ایک ایک گھنٹہ کے بعد مریض کو کہے کہ اس پر لکھی ہوئی عبارت چاٹ لے۔ تین روز کے بعد انشاء اللہ بخار جاتا رہیگا۔

یا تمخشیا یا شعوثا ویا شعیثا برحمتک یا ارحم الراحمین

برائے بخار سہ و چہارم و ہر روزہ

جو کے اکیس دانے لیکر اُن کے پانچ حصے کرے اور ہر ایک حصہ کہ جس میں چار چار دانے جو کے ہونگے۔ گیارہ بار الحمد شریف پڑھ کر دم کرے جب چار حصوں پر دم کر چکے۔ تو بقایا ایک دانہ پر بھی اسی طرح دم کرے۔ چوتھے بخار کے مریض کو چار دانہ جو کے اس طرح کھلائے کہ ایک ایک گھنٹہ کے دفعہ کے بعد ایک دانہ کھلائے لیکن دانہ کو بغیر چبائے ثابت نگل جائے۔ اور تپ سوم کے مریض کو ۱۱ دانہ اسی طریق سے دے۔ اور تپ ہر روزہ کے مریض کو ۲۱ دانہ بطریق مذکورہ بالا کھلائے۔ انشاء اللہ آرام آجائیگا +

برائے روزانہ بخار

سورہ والضحیٰ ایک سفید دھاگہ پر جس کے ۹ تار ہوں اس طرح دم کرے کہ جب کاف پر پہنچے تو ایک گرہ دے اسی طرح ۹ گرہ دے کر ایک سالم سورہ پڑھ کر دم کر کے دھاگہ کو مریض کے گلے میں باندھ دے۔ انشاء اللہ آرام آجائے گا۔

برائے بخار شدید

مریض کی پشت پر انگلی سے کلمات اذان تحریر کرے۔ انشاء اللہ فوراً بخار اُتر جائے گا +

دعا وبا

اللھم یا دافع البلاء والوباء ادفع البلاء والوباء عنا وعن مواشینا انت الواحد الصمد الذی لم یلد ولم یولد ولم یکن لہ کفوا احد، کاغذ پر لکھ کر دیوار پر چسپاں کر دیں +

دعا وبا

مویشیوں میں جب وبا پھیلتی ہے۔ اُس وقت یہ دُعا اوّل و آخر سات بار درود شریف پڑھکر لکھے:-

یا اُمّ مِلْدَ مَتِہ وَیا اُمّ صِلْدَ مَتِہ وَیا اُمّ الوبَاءِ لِقَولِ لَکَ الشَّیخ عبد القادر ارتحل من البلاد اِلی الجبال بحق یا شیخ عبد القادر شیاءً لِلّٰہ +

برائے جنڈری

سورہ لایلاف سات بار مرچ سیاہ پر دم کرکے مریض کو ایک ایک دانہ مرچ کا چالیس روز تک کھلائے۔ اور ایک دھاگا لیکر اس کلام کو سات بار پڑھ کر دم کرے۔ اور مریض کے گلے میں باندھ دے۔ کلام یہ ہے:-

فَسُبْحَانَ الَّذِیْ بِیَدِہٖ مَلَکُوْتُ کُلِّ شَیْءٍ وَّاِلَیْہِ تُرْجَعُوْنَ آمین

وبا کے لئے

یہ شعر کاغذ پر لکھ کر گھر کے دروازہ کی چوکھٹ پر چسپاں کردے۔ انشاء اللہ وباء سے محفوظ رہیگے:-

لی خمسة اطفی بهلحرالوباء الحاطمه
المصطفیٰ والمرتضے وابنیهما والفاطمه

(وابناهما)

وبا کے لئے

اگر مویشیوں میں وبا پڑ جائے تو سورہ لایلاف اکتالیس بار باوضو پڑھ کر دم کرے اور مویشیوں کو کسی پاک جگہ پر کھڑا کر کے ان کے اوپر دم کیا ہوا پانی چھڑک دے اور فی مویشی ایک آنہ صدقہ ادا کرے انشاء اللہ وباء سے محفوظ رہیں گے۔

وبا کے لئے

اگر مویشیوں میں وبا پڑ جائے تو سورہ لایلاف لکھ کر موم میں لپیٹ کر پانی میں ڈالے۔ اور ہر روز وہ پانی مویشیوں کے اوپر چھڑکائے۔ انشاء اللہ وبا سے محفوظ رہینگے +

وبا کے لئے

سورہ تغابن باوضو سات روز سات بار کسی بلند جگہ پر چڑھ کر بلند آواز سے پڑھے۔ تاکہ اُس کی آواز انسانوں اور حیوانوں کو سُنائی دے۔ اوّل و آخر سورہ فاتحہ و آیت الکرسی ایک ایک بار پڑھے۔ انشاء اللہ جہاں تک آواز جائیگی۔ وبا نہ داخل ہوگی +

وبا مویشی

اللہ الصمد سو بار اور سورہ فاتحہ سات بار پڑھ کر مویشی کے سر پر دم کرے +

برائے زہر باد

آیت:- اَلْیَوْمَ اَکْمَلْتُ لَکُمْ دِیْنَکُمْ اکتالیس بار باوضو پڑھ کر دم کرے۔ اور اِسی آیت کا تعویذ لکھ کر گلے میں باندھ دے۔ انشاء اللہ آرام آجائیگا +

جس کو سانپ ہمیشہ کاٹے

جس کسی کو ہمیشہ سانپ کاٹے اُس کو یہ تعویذ لکھ کر دے

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ۔ لَا حَوْلَ وَلَا قُوَّۃَ اِلَّا بِاللّٰہِ الْعَلِیِّ الْعَظِیْمِ۔ اَعُوْذُ بِاللّٰہِ مِنَ الشَّیْطٰنِ الرَّجِیْمِ۔ بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ۔ سَلٰمٌ عَلٰی نُوْحٍ فِی الْعٰلَمِیْنَ سَلٰمٌ قَوْلًا مِّنْ رَّبٍّ الرَّحِیْمٍ۔

برکت غلّہ

اگر چاہے کہ غلّہ میں اللہ تعالیٰ برکت دے تو چند دانہ غلّہ کے لیکر اُن پر باوضو سات بار یہ اسم پڑھے یَا فَتَّاحُ یَا قَهَّارُ یَا قَادِرُ یَا رَزَّاقُ یَا غَنِیُّ یَا عَزِیْزُ یَا اَللّٰہُ یَا رَبَّ الْعٰلَمِیْنَ۔ اور پھر اُن دانوں کو جس جگہ غلّہ رکھنا منظور ہو۔ ڈال دے۔ انشاء اللہ اس غلّہ میں برکت کثیر ہوگی۔ جب ضرورت کے لئے غلّہ نکالنے لگے اس وقت بھی بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ پڑھ لیا کرے +

فراخی رزق

ہر روز نماز عصر کے بعد اسم یَا فَتَّاحُ یَا قَهَّارُ یَا قَادِرُ یَا رَزَّاقُ یَا غَنِیُّ یَا عَزِیْزُ یَا اَللّٰہُ یَا رَبَّ الْعٰلَمِیْنَ کو تین بار پڑھا کرے۔ انشاء اللہ روزی فراخ حاصل ہوگی +

برکت غلّہ

باوضو چند دانہ غلّہ کے لیکر ان پر سورہ فاتحہ تین بار۔ آیت الکرسی تین بار۔ الم نشرح تین بار سورہ اخلاص تین بار اور سات بار سورہ والتین اور تین بار وَاللّٰہُ الْمُسْتَعَانُ عَلٰی مَا تَصِفُوْنَ پڑھے۔ اور اُن دانوں کو جس برتن یا بوری میں غلّہ رکھنا ہو۔ ڈال کر اسکے اوپر باقی تمام غلّہ ڈال دے۔ وقت ضرورت بسم اللہ پڑھ کر جس قدر ضرورت ہو بغیر دیکھے نکال لے۔ انشاء اللہ برکت ہوگی +

برائے درد ریح

جس جگہ ریح کی درد ہو۔ اُس جگہ کو زور سے پکڑ کر سورہ فاتحہ گیارہ بار پڑھ کر دم کرے۔ ایک بار یا

دو بار کرنے سے آرام نہ ہو۔ تو تیسری بار کرے۔ انشاء اللہ تیسری بار آرام آجائے گا +

ژالہ باری نہ ہو

اگر ژالہ باری زیادہ ہو۔ یا ژالہ باری کا خطرہ ہو۔ تو اسم ذات، اللہ، انگلی سے ابر کی طرف لکھے۔ اور اور آیت الکرسی تین بار پڑھ کر بادل کی طرف پھونک دے +

ژالہ باری نہ ہو

اصحاب کہف کے نام و آیۃ الکرسی چار کاغذوں پر لکھ کر کھیت کے چاروں کونوں میں دفن کرے۔ انشاء اللہ اس کھیت کو ژالہ باری سے کچھ نقصان نہ پہنچیگا +

حفاظت کھیت از مویشیان

اگر کسی کھیت کو مویشی کھا جاتے ہوں تو چاہئے کہ آیۃ الکرسی ریت پر دم کر کے کھیت میں پھینک دے۔ انشاء اللہ کوئی مویشی خود بخود کھیت میں داخل نہ ہوگا +

حفاظت کھیتی

سورہ یٰسین کھیتی کے گرداگرد پھر کر پڑھے۔ انشاء اللہ تعالیٰ اس میں بویا ہوا صحیح سلامت رہیگا +

برائے دفع خوف از ظالم

اگر کسی کو کسی ایسے شخص سے جو اس سے زبردست ہو ظلم کا یا سختی کا خوف ہو۔ تو سورہ فاتحہ تین بار اور آیۃ الکرسی ایک بار اور سورہ اخلاص تین بار اور سورہ لایلاف سات بار پڑھ کر اپنے اوپر دم کرے اور بلا خوف ظالم کے پاس چلا جائے۔ انشاء اللہ وہ شخص خود بخود نرم ہو کر مہربان ہو جائیگا +

کشائش رزق

تہجد کی نماز کے بعد سو بار درود ہزارہ بلا ناغہ چالیس یوم تک پڑھنے سے فراخی رزق ہوگی +

کشائش رزق

یا باسط ہزار بار بعد نماز صبح یا سو بار روزانہ بلا ناغہ پڑھنے سے رزق کی تنگی دور ہو جاتی ہے

برائے حاجات

سورہ یٰسین تین بار اس طریق سے پڑھے کہ جب پہلی مبین پر پہنچے۔ تو اپنی حاجت خدا سے مانگے پھر ابتدا سے سورہ کو پڑھے۔ اور دوسری مبین پر پہنچکر حاجت مانگے۔ پھر ابتدا

سے اسی طرح جس قدر مبین سورہ میں آئی ہیں۔ وہاں تک پڑھ کر حاجت طلب کرے۔ اور شروع سے سورہ کو پڑھے جتنی کہ تمام مبین ختم ہو جائیں۔ انشاء اللہ تعالیٰ سات روز اس طرح پڑھنے سے خواہ کیسی ہی حاجت کیوں نہ ہو۔ پوری ہو جائیگی +

کشائش رزق

لفظ یا مُغنی بوقت صبح ہمیشہ بارہ سو دفعہ یا ایک سو ایک بار پڑھنے سے رزق کی فراخی ہوتی ہے۔ اول و آخر درود شریف پڑھے +

برائے ادائیگی قرض

اگر کسی کا قرض باوجود کوشش کے نہ اتر سکے۔ تو اس کو چاہئے کہ ہر نماز کے بعد یہ دعا پڑھے۔ اول و آخر درود شریف گیارہ مرتبہ پڑھے۔ دعا یہ ہے:۔ اَللّٰھُمَّ اکْفِنِیْ بِحَلَالِکَ عَنْ حَرَامِکَ وَاَغْنِنِیْ بِفَضْلِکَ عَمَّنْ سِوَاکَ۔ اس دعا کو بارہ دفعہ پڑھ کر دعا مانگے +

زراعت کی زیادتی

اگر کسی شخص کی کھیتی باڑی کم ہوتی ہو تو اسے چاہئے کہ دو نفل نماز اس طرح ادا کرے کہ اول رکعت میں الحمد و آیت الکرسی ایک بار اور قل ہو اللہ چار بار پڑھے۔ اور دوسری رکعت بھی اسی طرح ادا کرے۔ اور اس کا ثواب حضرت آدم علیہ السلام کی روح پاک کو بخشے۔ اور جب ہل جوتنے لگے تو بیلوں کو نہایت آرام سے کھیت میں لائے اور بیس بار کھیت کے طول میں ہل چلاتے وقت بیلوں کو بالکل تکلیف نہ دے نہ مارے اور جب کھیتی تیار ہو جائے تو فی مانی ۴ سیر کے حساب سے غلہ شکرانہ ادا کرے۔ انشاء اللہ زراعت کثرت سے ہوگی +

بانجھ عورت کے لئے

سورہ نور کے پانچویں رکوع کی آیت جو مندرجہ ذیل ہے۔ چالیس لونگ پر سات سات بار ایک ایک لونگ پر پڑھے۔ اور بانجھ عورت ایک لونگ رات کو کھائے۔ اور اس کے بعد پانی نہ پئے۔ اور مرد سے ہمبستر ہو۔ انشاء اللہ حمل قرار پا جائیگا۔ فراغت حیض کے بعد اگر شروع کرے تو زیادہ مفید ہے آیت یہ ہے:۔ اَوْ کَظُلُمٰتٍ فِیْ بَحْرٍ لُّجِّیٍّ یَّغْشٰہُ مَوْجٌ مِّنْ فَوْقِہٖ سَحَابٌ

ظُلُمٰتٌ بَعْضُهَا فَوْقَ بَعْضٍ ط اِذَآ اَخْرَجَ يَدَهٗ لَمْ يَكَدْ يَرٰىهَا ط وَمَنْ لَّمْ يَجْعَلِ اللّٰهُ لَهٗ نُوْرًا فَمَا لَهٗ مِنْ نُّوْرٍ ۝

چوہوں کی زیادتی

اگر کھیت کو چوہے کھا جاتے ہوں تو کھیت کے شمال کی طرف سورہ فاتحہ دس بار۔ مغرب کی طرف دس بار۔ جنوب کی طرف دس بار اور مشرق کی طرف دس بار پڑھ کر دم کرے۔ انشاء اللہ تمام چوہے بھاگ جائینگے +

چوہوں کے لئے

ایک مٹکا پانی کا لیکر اس پر یہ آیت ایک سو بار پڑھ کر دم کرے اور تمام کھیت میں چھڑکا دے۔ انشاء اللہ چوہے کھیت سے بھاگ جائیں گے۔
آیت یہ ہے:۔ فَلَمَّا تَجَلّٰى رَبُّهٗ لِلْجَبَلِ جَعَلَهٗ دَكًّا وَّخَرَّ مُوْسٰى صَعِقًا ج

چوہوں کے لئے

تین بار سورہ یٰسین دیت پر پڑھ کر کھیت میں پھینک دے۔ انشاء اللہ چوہوں کا نام تک نہ رہیگا +

برائے کرم مویشی

اگر کسی مویشی کو کیڑے پڑ جائیں۔ یا کسی آدمی کو پڑ جائیں۔ تو مویشی کا رنگ معلوم کرکے یہ آیت پڑھیں:۔ قَالَ رَبِّ اشْرَحْ لِیْ صَدْرِیْ وَیَسِّرْ لِیْٓ اَمْرِیْ وَاحْلُلْ عُقْدَةً مِّنْ لِّسَانِیْ یَفْقَهُوْا قَوْلِیْ + اور آیت مذکورہ کو پڑھتے وقت زمین پر اُگے ہوئے گھاس کی شاخ کو کسی تیز چھری سے کاٹیں۔ اور بعد ختم آیت یہ کہیں کہ فلاں رنگ کا مویشی جو فلاں شخص کا ہے کے کیڑے کاٹ دئے اور مویشی کو دم کرے۔ انشاء اللہ کیڑے مر جائینگے +

برائے درد رنگن یعنی عرق النساء

اوّل درود شریف دس بار اور پھر الحمد شریف سات بار اور قُلْ هُوَ اللّٰهُ اَحَدٌ سات بار اون کا سیاہ دھاگا لیکر اس پر دم کرے۔ اور ایک گرہ دے۔ پھر دوبارہ پڑھ کر اور ایک گرہ دے۔ اس طرح نو بار پڑھ کر نو گرہ دیکر دھاگا مریض کو نہلا کر اور پاک صاف کرکے

کمر میں باندھنے کے لئے دیدے۔ انشاء اللہ فوراً آرام آجائیگا۔ اور آئندہ پھر اُس کی شکایت نہ ہوگی +

برائے وجع المفاصل

جس جگہ درد ہو۔ اُس جگہ کو مضبوط پکڑ کر دس مرتبہ سورہ فاتحہ اور دس مرتبہ سورہ کافرون پڑھ کر دم کرے اور چھوڑ دے۔ پھر مریض سے دریافت کرے کہ آرام آیا یا نہیں۔ اگر نہ آیا ہو۔ تو دوبارہ اسی طرح کرے تین بار کے کرنے سے انشاء اللہ درد جاتا رہیگا + اور اگر پھر بھی نہ جائے تو گیارہ مرتبہ کرنے سے یقیناً دور ہو جائے گا۔

برائے خنازیر خشک و تر

بکرے کی کھال کا تسمہ جو کم از کم سوا گز یا مریض کے قد کے برابر ہولے کر ایک بار سورہ فاتحہ پڑھ کر ایک گرہ دے۔ پھر ایک بار پڑھ کر دوسری گرہ دے۔ اسی طرح ۴۱ بار پڑھ کر ۴۱ گرہ دے کر وہ تسمہ مریض کے گلے میں باندھ دے۔ انشاء اللہ آرام آجائیگا +

گلے کا درد

اتوار کے روز باوضو یہ تعویذ لکھ کر مریض کے گلے میں باندھے۔ انشاء اللہ گلے کا درد جاتا رہیگا

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

مِنْهَا خَلَقْنٰكُمْ وَفِیْهَا نُعِیْدُكُمْ وَمِنْهَا نُخْرِجُكُمْ تَارَةً اُخْرٰى كٓهٰیٰعٓصٓ حٰمٓ عٓسٓقٓ + (سورۃ طٰہٰ ۵۵)

برائے تسخیر

اگر کسی شخص کو اپنی طرف متوجہ کرنا ہو۔ یا اسے اپنی محبت میں قید کرنا ہو۔ یا اُسے مطیع و فرمانبردار کرنا ہو۔ تو اس نقش کو لکھے۔ اور اُس کے نیچے اپنا مطلب لکھے۔ اور نقش کو کسی وزنی پتھر کے نیچے رکھے یا اپنی ران کے ساتھ باندھ دے۔ نقش لکھتے وقت کسی سے بات نہ کرے۔

۷۸۶

۱۰	۲	۸
۴	۷	۹
۶	۱۱	۳

یا بدوح بتدوحت من البدوح فی البدوح بدوحک یا بدوح

اور اگر اس نقش کو لکھ کر ٹوپی کے نیچے یا پگڑی کے اندر رکھ کر کسی کے پاس جائے۔ تو وہ شخص اُس کا مطیع ہو جائیگا۔ جب نقش لکھ چُکے تو اس پر اسم یَا بُدُّوحُ تُبَدُّ وُحًاتَ بیس بار پڑھ کر دم کرے +

برائے کور چشم

جس شخص کو رات کے وقت نظر نہ آئے۔ اس کے لئے یہ کرے کہ بکری کا کلیجہ لیکر اس کے سات ٹکڑے کرے۔ اور ان کو بھون ے۔ اور ہر ایک ٹکڑے پر سورۃ قُل ہُوَ اللہ تین بار پڑھ کر دم کرے اور اُسے کھلائے۔ انشاءاللہ آرام آجائیگا ❊

برائے رشتہ

اگر کوئی شخص اپنے لڑکے کے لئے کسی کی لڑکی کے رشتہ کا خواہاں ہو۔ لیکن لڑکی والا رضامند نہ ہو۔ تو چاہئے کہ یہ طلسم پگڑی میں باندھ کر لڑکی والے کے پاس جائے انشاءاللہ وہ رضامند ہو جائیگا۔

ھ اا ۱۸ اا اا ط اا اا ھ ۲۲ اا ا اا اا

و اا ک ۸ ط اا اا ھ کا م ا اا

برائے امساک

اگر یہ تعویذ لکھ کر بوقت مجامعت کمر سے باندھ لے۔ تو جب تک اس کو نہ کھولے فراغت نہ ہو۔ تعویذ یہ ہے

ر	ی	ط	ص	ر
ر	ھو	ھلع	ر	ح
لو	ع	ر	د	ھ،
ح	ح،	م	ط	ر

گم شدہ مویشی کے لئے

اگر کسی کے مویشی گم ہو جائیں تو چاہئے کہ سورہ والضحیٰ کو سات بار پڑھ کر شہادت کی انگلی اپنے سر کے گرد پھیرے جب تمام سر کے گرد پھیر چکے تو سات بار یہ اسم پڑھے :- اَصْبَحْتُ فِیْ اَمَانِ اللّٰہِ وَفِیْ اَمْسَیْتُ فِیْ جَوَارِ اللّٰہِ وَاَمْسَیْتُ فِیْ اَمَانِ اللّٰہِ وَاَصْبَحْتُ فِیْ جَوَارِ اللّٰہِ اَبْرَصًا صَبْرًا صَاصَعْرًصَاً

اور دروازہ کھٹکھٹا دے۔ انشاءاللہ مویشی خود بخود واپس آجائیگا ❊

برائے دفع خوف

جو شخص کسی صاحب حکومت سے خوف رکھے اس کو چاہئے کہ کٓھٰیٰعٓصٓ کَفَیْتَ حٰمٓ عٓسٓقٓ حَمَیْتَ ہاتھ کو بند کرکے پڑھے اور ایک ایک حرف پر انگلی کھول دے۔ اور دائیں ہاتھ سے شروع کرے اور بائیں ہاتھ پر ختم کرے۔ اور ہاتھ بند کئے حاکم کے سامنے جائے۔ اور وہاں جاکر ہاتھ کھول دے +

برائے گم شدہ چیز

اگر کسی کی کوئی چیز یا مال وغیرہ گم ہو گیا ہو یا چوری چلا گیا ہو۔ تو وہ ایک سو انیس دفعہ یَا حَفِیْظُ۔ اور یہ آیت پوری ایک سو اُنیس بار پڑھے۔ انشاءاللہ گم شدہ چیز مل جائیگی۔ یَابُنَیَّ اِنَّھَآ اِنْ تَکُ مِثْقَالَ حَبَّۃٍ مِّنْ خَرْدَلٍ فَتَکُنْ فِیْ صَخْرَۃٍ اَوْفِی السَّمٰوٰتِ اَوْ فِی الْاَرْضِ یَاْتِ بِھَا اللّٰہُ ط (سورۃ لقمان ع ۱۶)

برائے مطلب ضروری

اگر کسی کا کوئی ضروری کام رکا ہوا ہو۔ اور اُس کے پورا ہونے کی ظاہر میں کوئی امید نہ ہو۔ تو اُسے چاہئے کہ مندرجہ ذیل طریقہ اختیار کرے۔ چار نفل دو سلام کے ساتھ مغرب کی نماز کے بعد پڑھے۔ اور ہر رکعت میں الحمد شریف کے بعد آیت کریمہ لَآ اِلٰہَ اِلَّآ اَنْتَ سُبْحٰنَکَ اِنِّیْ کُنْتُ مِنَ الظّٰلِمِیْنَ ٥ سو بار پڑھے۔ اور اپنے مقصد کا خیال دل میں رکھے۔ اِس طرح چار رکعت ختم کرکے دعا مانگے۔ سات روز اس طرح کرنے سے انشاءاللہ مشکل آسان اور کام پورا ہو جائیگا ❊

برائے زیارت رسولؐ وبرکت روزی

درود شریف اَلصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ عَلَیْکَ اَیُّھَا النَّبِیُّ گیارہ سو بار ہر روز پڑھے۔ اوّل اِس درود شریف کی زکوٰۃ نکالے اور وہ اس طرح کہ اکتالیس روز گیارہ ہزار بار اِس درود شریف کو پڑھے۔ بعدازاں گیارہ سو بار روزانہ پڑھتا رہے۔ انشاءاللہ تعالیٰ خواب میں حضور علیہ الصلوٰۃ والسّلام کی زیارت سے مشرف ہوا کریگا

اور روزی میں کشائش ہوگی +

برائے کشائش رزق و رجوع خلائق

اس تعویذ کو ہر روز لکھ کر بتی بنا کر چراغ میں جلایا کرے۔ انشاء اللہ تمام خلقت مطیع اور دنیا کے ہر ملک کے باشندے بغیر واقفیت کے اسے دیکھ کر محبت کریں گے۔ اور ہر قسم کے لوگوں کا رجوع اُس کی طرف ہوگا۔

تعویذ یہ ہے

۷۸۶

۱۶	۲۲	۲۲	ب
۳۰	۸	۱۲	۲۲
۸	۴۶	۱۸	۱۲
۳۰	۱۰	۲	۲۴

فلاں بنت فلاں یعنے نام اپنا اور اپنی والدہ کا لکھے

فرزند پیدا ہو

اگر کسی کے ہاں لڑکا پیدا نہ ہوتا ہو۔ تو مندرجہ ذیل تین تعویذ عورت کو اُس وقت جبکہ وہ تین حیض سے پاک ہو چکی ہو۔ کھلائے۔ اُمید کامل تو یہ ہے کہ تعویذ اول کے کھانے ہی سے حمل ہو جائیگا۔ ورنہ دوسرا تعویذ کھلائے۔ اگر پھر بھی حمل نہ ہو۔ تو تیسرا تعویذ کھانے کے لئے دے۔ انشاء اللہ تیسری بار مرد کے نزدیک جاتے ہی عورت حاملہ ہو جائیگی۔ اور فرزند پیدا ہوگا۔ اِن تینوں تعویذوں کو مشک اور زعفران اور گلاب سے لکھے۔ تعویذ اول یہ ہے:-

بسم اللہ الرحمن الرحیم۔ بسم اللہ والی اللہ ولا الہ الا اللہ محمد رسول اللہ۔ بسم اللہ الرحمن الرحیم۔ الحمد للہ الذی خلق السموات والارض وجعل الظلمت والنور ثم الذین کفروا بربھم یعدلون ھو الذی خلقکم من طین ثم قضی اجلا واجل مسمی عندہ ثم انتم تمترون + (الانعام ۱-۲)

تعویذ دوم

بسم اللہ الرحمن الرحیم۔ الحمد للہ الذی خلق السموات والارض وجعل الظلمت والنور ثم الذین کفروا بربھم یعدلون ھو الذی خلقکم من طین ثم قضی اجلا واجل مسمی عندہ ثم انتم تمترون یا اھیا اشراھیا + (الانعام ۱-۲)

تعویذ سوم

بسم اللہ الرحمن الرحیم۔ الحمد للہ الذی خلق السموات والارض وجعل الظلمت والنور ثم الذین کفروا بربھم یعدلون ھو الذی خلقکم من طین ثم قضی اجلا واجل مسمی عندہ ثم انتم تمترون اھیا اروی اصبا ذنوف اللھم بحق یا مالک یوم الدین ایاک نعبد وایاک نستعین۔ وکان اللہ غفورا رحیما۔ وکان اللہ عزیزا حکیما وذالک ھو الفوز العظیم برحمتک یا ارحم الراحمین +

برائے درد

ہر قسم کی درد کے لئے جس جگہ درد ہو۔ اس کو مضبوط پکڑ کر سورہ الم ترکیف بغیر بسم اللہ سات بار پڑھ کر دم کرے۔ انشاء اللہ آرام ہوگا +

برائے بخار سوم و ہر روز

سورہ الم نشرح سات بار پڑھ کر دم کرکے مریض کے کان میں رکھے انشاء اللہ پھر بخار نہ ہوگا۔ پاک روٹی پر دم کریں۔

چندری کے لئے

ایک دھاگا لیکر اس پر سورہ قل اعوذ برب الفلق و قل اعوذ برب الناس۔ ہر دو کو سات بار پڑھ کر سات گرہ دے۔ اور اس کو مریض کے گلے میں باندھے

برائے درد حیض

جس عورت کو حیض درد سے آتا ہو۔ اُس کے لئے اس کلام کو لکھ کر شہد خالص یا مصری کے شربت میں ملا کر تین روز متواتر پلائے۔ انشاء اللہ فوراً آرام آجائیگا۔ کلام یہ ہے:-

یا اللہ یا رحمن یا رحیم۔ بسم اللہ الرحمن الرحیم یا نور حم اللہ حم اللہ حم اللہ حم اللہ حم اللہ حم اللہ یا نور یا بصیر اللہ یا بصیر اللہ یا لطیف یا شافی اللہ شافی یا کافی اللہ کافی یا نور +

بانجھ عورت کے لئے

جس عورت کے ہاں اولاد پیدا نہ ہوئی ہو۔ اسے چاہئے کہ متواتر تین ماہ مندرجہ ذیل آیت جو تیسپارہ تین سورہ آل عمران کے پہلے رکوع میں ہے۔ گھول کر پیا کرے۔ ایام حیض میں چھوڑ دے۔ جب پاک ہو جائے پھر شروع کردے آیت یہ ہے:-

اِنَّ اللّٰہَ لَا یَخْفٰی عَلَیْہِ شَیْءٌ فِی الْاَرْضِ وَلَا فِی السَّمَآءِ ۝ ھُوَ الَّذِیْ یُصَوِّرُکُمْ فِی الْاَرْحَامِ کَیْفَ یَشَآءُ لَآ اِلٰہَ اِلَّا ھُوَ الْعَزِیْزُ الْحَکِیْمُ +

ترکیب آیت کریمہ

آیت کریمہ ہر مشکل کے لئے اور ہر مطلب کے لئے نہایت مفید ہے۔ اس کے پڑھنے کی ترکیب حسب ذیل ہے:-

لَآ اِلٰہَ اِلَّآ اَنْتَ سُبْحٰنَکَ اِنِّیْ کُنْتُ مِنَ الظّٰلِمِیْنَ۔

حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کا فرمان ہے کہ جو مسلمان جس مطلب کے لئے آیت کریمہ پڑھیگا۔ خدا اس کا وہ مطلب پورا کریگا۔ یہ دعا نہایت مجرب ہے۔ اور کمال سریع الاثر ہے۔ طریقہ پڑھنے کا یہ ہے۔ بارہ روز بارہ ہزار بار روزانہ پڑھے۔ اور اگر ایسا نہ ہو سکے۔ تو بارہ سو بار چالیس روز تک پڑھے۔ مگر اول و آخر چند بار درود شریف پڑھے۔ اور دوسرا طریقہ یہ ہے۔ کہ ایک لاکھ پچیس ہزار بار پڑھے۔ گیارہ روز تک۔ انشاءاللہ ہر کام پورا ہوگا +

جادو کا اثر زائل ہو

اگر کسی شخص پر کسی نے جادو کیا ہوا ہو۔ تو چینی کے سفید برتن میں یہ اسم لکھ کر سات روز پلائے انشاءاللہ جادو کا اثر جاتا رہے۔ یَا حَیُّ حِیْنَ لَا حَیَّ فِیْ دَیْمُوْمِہٖ وَبَقَآئِہٖ یَا حَیُّ۔ اس کے بعد سورہ فاتحہ لکھے۔ اور اس برتن کو دھو کر پلا دے۔ سات روز لکھے اور سات روز پلائے۔ انشاءاللہ خواہ کیسا ہی سخت جادو کیوں نہ ہو زایل ہو جائیگا:-

استخارہ

اول وضو کرے اور پاک کپڑے پہنے اور خوشبو ملے اور قطب کی جانب قبلہ رو ہو کر داہنی کروٹ پر لیٹ کر

سورہ وَالشَّمْسِ سات بار سورہ وَاللَّیْلِ سات بار اور قُلْ ھُوَ اللّٰہُ سات بار پڑھ کر ہاتھ اٹھا کر دعا مانگے۔ اور یوں کہے کہ خداوندا مجھ کو میرے خواب میں ایسا دکھا دے اور میری اس حالت میں کشادگی اور فراخی کر دے۔ اور میرے خواب میں وہ چیز دکھا دے۔ جس سے میری دعا قبول ہو جائے۔ انشاءاللہ اول تو اسی رات ورنہ دوسری رات۔ یا زیادہ سے زیادہ تیسری رات انشاءاللہ معلوم ہو جائیگا +

برائے تسخیرات وحب

اگر کوئی شخص یہ چاہے کہ فلاں شخص کا رجوع اس کی طرف ہو جائے۔ اور وہ اس پر مہربان ہو جائے۔ تو اصحاب کہف کے نام لکھ کر نیچے مطلوب کا نام اور اس کے باپ کا نام اور اپنا نام اور اپنے باپ کا نام اس طریق سے لکھے:-

اَلٰہِیْ بِحُرْمَتِ یَمْلِیْخَا مَکْسَلْمِیْنَا کَشْفُوْطَط تَبْیُوْنُس کَشَافَطْیُوْنُس اَذْرَفَتْ یُوَانُسْ وَکَلْبُھُمْ قِطْمِیْرُ وَعَلَی اللّٰہِ قَصْدُ السَّبِیْلِ وَمِنْھَا جَآئِرٌ وَلَوْ شَآءَ لَھَدٰکُمْ اَجْمَعِیْنَ اَلْحُبُّ فلاں بن فلاں علی الحب فلاں بن فلاں اور مطلوب کے داہنے بازو پر باندھ دے +

برائے حاجات

یَا بَدِیْعَ الْعَجَائِبِ بِالْخَیْرِ یَا بَدِیْعُ کو بارہ سو بار بارہ روز تک پڑھے۔ اللہ تعالیٰ تمام حاجتیں پوری کریگا۔ اور اگر اس اسم کو بعد نماز عشاء کے سات ہزار بار ہر روز شب کے وقت چالیس روز تک پڑھے۔ اور نوچندی جمعرات کو شروع کرے۔ اور بعد ایک چلہ کے تین ہزار بار یا ایک ہزار بار یا ایک سو پچیس بار ہمیشہ پڑھ لیا کرے کبھی ناغہ نہ کرے۔ انشاءاللہ تمام دینی دنیوی حاجات پوری ہونگی۔ حضرت سید عبداللہ حنفی مفتی مکہ معظمہ فرماتے ہیں کہ اس اسم کے وظیفہ سے سات سو ولی ہوئے ہیں۔ اور اگر کسی سخت مریض کے لئے جس کو کسی دوا یا دعا سے آرام نہ آتا ہو چالیس روز تک بارہ سو بار اس طور سے یَا بَدِیْعَ الْعَجَائِبِ بِالشِّفَاءِ یَا بَدِیْعُ پڑھے۔ انشاءاللہ مریض صحت یاب ہو جائیگا +

برائے رجوعات

اگر کوئی شخص بعد نماز عشاء ایک ہزار ایک سو اکتالیس بار یا اگر اتنا نہ ہوسکے تو سات سو بار روزانہ اس اسم کو پڑھ لیا کرے تو تمام مخلوق اس کی طرف رجوع کرے۔ اسم یہ ہے۔ یَا بُدُّوْحُ تَبَدَّوْحَتْ مِنَ الْبَدُّوْحِ فِی الْبُدُّوحِ بُدُّوْحِلْكَ یَا بُدُّوْحُ +

برائے روشنی دِل

اَللّٰھُمَّ اِنَّا نَسْتَعِیْنُكَ بِكَ لِطَاعَتِكَ ہر نماز کے بعد دس دس بار پڑھے۔ انشاء اللہ نور باطن سے سینہ منور ہوجائے ؛

دعاءِ نجات

جو شخص سات بار بعد نماز فجر اور سات بار بعد نماز شام یہ دُعا پڑھیگا۔ اگر وہ اسی دِن مرجائیگا۔ تو شہیدوں میں اس کا شمار ہوگا:۔ اَللّٰھُمَّ اَجِرْنِیْ مِنَ النَّارِ ؛

برائے برص و جذام

جس کسی کو برص یا جذام کی بیماری ہو تو چاہیئے کہ اس دُعا کو سات بار پانی کے اوپر دم کرکے مٹی کے سرخ لوٹے میں اس پانی کو ڈال دے۔ اور اس پانی کو سات روز یا چالیس روز تک پیئے۔ انشاء اللہ آرام آجائیگا۔ دُعا یہ ہے:

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ لَا اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ الْعَلِیُّ الْعَظِیْمُ لَا اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ الْحَیُّ الْقَیُّوْمُ لَا اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ الْوَاسِعُ الرَّحِیْمُ۔ لَا اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰہِ لَا اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ مَالِكِ یَوْمِ الدِّیْنِ بِحَقِّ اِیَّاكَ نَعْبُدُ وَاِیَّاكَ نَسْتَعِیْنُ۔ اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلَی النَّبِیِّ الْاُمِّیِّ بِرَحْمَتِكَ یَا اَرْحَمَ الرَّاحِمِیْنَ ؛

برائے حاجات

بعد فراغت نماز عصر غروب آفتاب تک یہ نام مبارک پڑھے۔ یَا اَللّٰہُ یَا رَحْمٰنُ یَا رَحِیْمُ جس قدر پڑھا جائے۔ اسی قدر پڑھے۔ انشاء اللہ اُس کی ہر حاجت پوری ہوگی ؛

اور یہی نام مبارک برائے شفاء مریض تین روز تک پانچ تسبیح روزانہ پڑھے

برائے کشائش رزق و حصول روزگار

اگر کسی شخص کو کسی جگہ ملازمت دلملتی ہو اور وہ روزگار کے لیئے پریشان ہو تو اُسے چاہیئے کہ وہ اس آیت کو تین ہزار تین سو تینتیس بار معہ درود شریف اوّل آخر گیارہ یا چھ روز تک پڑھے۔ انشاء اللہ۔ فوراً ملازمت کا بندوبست ہو جائیگا۔ آیت یہ ہے اَللّٰہُ لَطِیْفٌ بِعِبَادِہٖ یَرْزُقُ مَنْ یَّشَاءُ وَھُوَ الْقَوِیُّ الْعَزِیْزُ۔

برائے ہر مطلب

اگر کوئی شخص اکتالیس روز تک یَا اَللّٰہُ یَا رَحْمٰنُ یَا رَحِیْمُ یَا حَیُّ یَا قَیُّوْمُ گیارہ سو بار معہ درود شریف اوّل و آخر گیارہ گیارہ بار پڑھے: تو اُس کی ہر حاجت پوری ہوگی +

بچہ کے رونے کے لئے

اگر کسی کا لڑکا لڑکی بہت روتا ہو تو یہ دُعا لکھ کر اُس کے گلے میں باندھ دیوے انشاء اللہ اس کا رونا بند ہو جائیگا۔ یَا شَیْخُ مَشِیْخًا فَتْلَا صُوْنَ

برائے چنبل

اگر کسی کو چنبل ہو۔ خواہ وہ کسی قسم کی ہو۔ تو اوّل و آخر تین بار درود شریف پڑھ کر یہ اسم چنبل پر دم کرے۔ انشاء اللہ آرام آجائیگا۔ بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ۔ ابر سرخ برآمد باراں سرخ بارید۔ گیارہ سرخ برست۔ بز سرخ بچر بد۔ خدائے ما بزرگ است تو بزرگ مشو۔ محمد الرسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم از جہاں برفت تو نیز برو +

برائے پھوڑا پھنسی

اگر کسی کو ایسا پھوڑا نکلا ہوا ہو کہ جسے کسی مرہم سے آرام نہ ہوئے تو اسم ذیل کو اوّل و آخر تین بار درود شریف پڑھ کر دم کریں۔ انشاء اللہ سات روز کے اندر خود بخود پھوڑے کے زخم خشک ہو جائینگے۔ اسم یہ ہے: بسم اللہ الرحمن الرحیم کر کردنی بر بردنی آبردنی خشک شو۔ محمد الرسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم۔ از جہاں برفت تو نیز برو +

زیادتی شیر عورت

اگر کسی عورت کو دُودھ کم آئے تو اس آیت کو تین مرتبہ پڑھ کر نمک پر دم کرکے عورت کو کسی

غذا میں ملا کر کھلا دے بفضلہٖ تعالیٰ دودھ اس قدر ہو گا۔ کہ چار لڑکے اگر پیا کریں۔ تو کم نہ ہو۔ دعا یہ ہے:۔

بِسم اللہ الرّحمٰن الرّحیم۔ مَثَلُ الَّذِیْنَ یُنْفِقُوْنَ اَمْوَالَھُمْ فِیْ سَبِیْلِ اللّٰہِ کَمَثَلِ حَبَّۃٍ اَنْۢبَتَتْ سَبْعَ سَنَابِلَ فِیْ کُلِّ سُنْۢبُلَۃٍ مِّائَۃُ حَبَّۃٍ ؕ وَاللّٰہُ یُضٰعِفُ لِمَنْ یَّشَآءُ ؕ وَاللّٰہُ وَاسِعٌ عَلِیْمٌ ۔

برائے حُب

اپنے ناخن اُتار کر اُن کو جلائے۔ اور اس پر ستر بار یہ آیت پڑھے۔ اور جس طرح ہو سکے مطلوب کو وہ راکھ کھلا دے۔ انشاء اللہ مطلوب بے قرار ہو جائیگا۔ آیت یہ ہے:۔

اِنَّہٗ مِنْ سُلَیْمٰنَ وَاِنَّہٗ بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ اَلَّا تَعْلُوْا عَلَیَّ وَاْتُوْنِیْ مُسْلِمِیْنَ ۔ (النمل ۳۱)

برائے محبت عورت خاوند

اگر عورت اور خاوند کے درمیان ناچاقی رہتی ہو۔ تو دونو کو یہ تعویذ لکھ کر پلائے۔ انشاء اللہ اُن کے درمیان محبت اور اُلفت پیدا ہو گی۔

۷۸۶

۶۱۷۵۳	۶۱۷۴۸	۶۱۷۵۵
۶۱۷۵۴	۶۱۷۵۲	۶۱۷۵۰
۶۱۷۴۹	۶۱۷۵۶	۶۱۷۵۱

برائے حب

جو شخص کسی کو عاشق اور دیوانہ بنانا چاہے۔ اس کو چاہیے کہ شب جمعہ عروج ماہ میں اس عمل کو شروع کرے ہر روز چالیس بار چار روز تک پڑھے۔ اور ابتدا سے انتہا تک مطلوب کا دھیان رکھے۔ گویا سامنے موجود ہے۔ واسطے حُب کے نہایت سریع التاثیر ہے نیت حرام کی نہ ہو۔ انشاء اللہ بہت جلد مطلب حاصل ہو گا۔ گوشت وغیرہ سے ضرور پرہیز رکھے۔ وہ عمل یہ ہے:۔ الٰہی بحرمت جبرائیل و میکائیل و اسرافیل و توریت موسیٰ و انجیل عیسیٰ و فرقان محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ۔

برائے حُب

جمعہ کی رات کو چودہ مرتبہ یہ آیت کسی شیرینی یا میوہ پر پڑھ کر مطلوب کو کھلائے۔ انشاء اللہ مطلوب

فرمانبردار ہو جائیگا۔ یُحِبُّوْنَھُمْ کَحُبِّ اللّٰہِ ؕ وَالَّذِیْنَ اٰمَنُوْٓا اَشَدُّ حُبًّا لِّلّٰہِ ؕ

برائے حُب

اگر یہ تعویذ مطلوب کے گھر میں دفن کر دیں تو مطلوب بے قرار ہو کر طالب کے قدموں پر سر رکھ دیگا

۷۸۶

۱۴	۱۰	۴	۱۷
۵	۱۶	۱۵	۱۸
۱۱	۶	۱۹	۹
۸	۱۲	۱۳	۷

برائے عداوت

اگر کوئی چاہے کہ دو شخصوں کی آپس میں جدائی ہو تو چالیس روز تک ایک ایک سنگریزہ پر سورہ انا اعطینا الخ پڑھ کر دم کر کے اُن کے گھر میں پھینک دے جُدائی ہو جائیگی

برائے عداوت

اگر کوئی شخص یہ چاہے کہ فلاں شخص کا دل فلاں شخص کی طرف سے پھر جائے۔ تو وہ اس نقش کو تین روز تک لکھ کر پانی میں گھول کر اُس شخص کو پلا دے۔ اُس کا دل اُس کی طرف سے پھر جائیگا۔ اور قبل پلانے کے ستر بار یہ کہے:۔ اَلْقَیْنَا بَیْنَھُمُ الْعَدَاوَۃَ وَالْبَغْضَآءَ اِلٰی یَوْمِ الْقِیٰمَۃِ ؕ (سورہ مائدہ ۶۴)

۳۳	۳۰	۵۹	۵۶
۶۰	۵۵	۲۳	۳۹
۵۲	۵۷	۲۲	۳۰
۳۰	۲۶	۵۴	۵۸

واسطے ہلاکی دشمن

اس نقش کو لکھ کر زمین میں دفن کرے۔ اور نتیجہ کا منتظر رہے۔

ہاروت فلاں بن فلاں

ہاروت فلاں بن فلاں

ہاروت فلاں بن فلاں خراب و تباہ گردد

ه‍ ه‍ ه‍ ه‍ ه‍ ۱۱۱

برائے زبان بندی

اس آیت کریمہ کو ایک ہزار بار پڑھے۔ انشاء اللہ دشمن کی زبان بند ہو جائیگی :-

اَللّٰہُ لَطِیْفٌ بِعِبَادِہٖ یَرْزُقُ مَنْ یَّشَآءُ وَھُوَ الْقَوِیُّ الْعَزِیْزُ ٥

برائے زبان بندی

اس آیت کریمہ کو لکھ کر کسی بھاری پتھر کے نیچے دبا دے فَسَیَکْفِیْکَھُمُ اللّٰہُ وَھُوَ السَّمِیْعُ الْعَلِیْمُ ۲م ۲۲ و ۲۲ ع ۲ ب ۲ ج ۲ ط لَآ اِلٰہَ اِلَّا ھُوَ رَبُّ الْعَرْشِ الْعَظِیْمِ تا آخر صُمٌّ بُکْمٌ عُمْیٌ فَھُمْ لَا یَرْجِعُوْنَ صُمٌّ بُکْمٌ عُمْیٌ فَھُمْ لَا یَفْقَھُوْنَ۔ صُمٌّ بُکْمٌ عُمْیٌ فَھُمْ لَا یَنْطِقُوْنَ ط

برائے حب

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ بِعَدَدِ مَعْلُوْمٍ لَّکَ ٥ ۱۲۵ بار پڑھ کر کسی شیرینی پر دم کر کے مطلوب کو کھلائے

تعویذ قل ھو اللہ

اس تعویذ کو لکھ کر اگر درخت انار کے ساتھ باندھے تو محبوب بیقرار ہو کر حاضر ہو گا۔ اگر رات کو سوتے وقت اس تعویذ کو سرہانے کے نیچے رکھے تو محبوب بے قرار ہو جائے گا۔ تعویذ یہ ہے :-

۷۸۶

قل	ھو	اللہ	احد	اللہ	الصمد	لم	یلد
ھو	اللہ	احد	اللہ	الصمد	لم	یلد	ولم
اللہ	احد	اللہ	الصمد	لم	یلد	ولم	یولد
احد	اللہ	الصمد	لم	یلد	ولم	یولد	ولم
اللہ	الصمد	لم	یلد	ولم	یولد	ولم	یکن
الصمد	لم	یلد	ولم	یولد	ولم	یکن	لہٗ
لم	یلد	ولم	یولد	ولم	یکن	لہٗ	کفواً
یلد	ولم	یولد	ولم	یکن	لہٗ	کفواً	احد

برائے حب

مندرجہ ذیل آیت کو ہر روز بلا ناغہ وقت بے وقت بے تعداد پڑھا کرے اور اس آیت کا تعویذ بنا کر اور اس پر طالب و مطلوب کا نام اور اُن کے والدہ کا نام لکھ کر دستار میں باندھے۔ انشاء اللہ مطلوب حاضر ہو جائیگا۔[1] قُلْ اِنَّ الْفَضْلَ بِیَدِ اللّٰہِ یُؤْتِیْہِ مَنْ یَّشَآءُ وَاللّٰہُ وَاسِعٌ عَلِیْمٌ۔ یَّخْتَصُّ بِرَحْمَتِہٖ مَنْ یَّشَآءُ وَاللّٰہُ ذُو الْفَضْلِ الْعَظِیْمِ۔

[1] اس آیت شریف کو جمعرات کے روز سورج نکلتے ہی پاک قلم اور سیاہی سے باوضو لکھ کر گھر کے اندر یا دکان میں بطور قطعہ آویزاں کر دے۔ ہر قسم کی برکتیں نازل ہوا کریں (انشاء اللہ)

برائے تلی

ایک لوہے کی کڑچھی میں قدرے راکھ ڈال کر اس پر اس تعویذ کو رکھ کر اوپر جلتے ہوئے کوئلے رکھ دیں۔ اور کڑچھی کو تلی کی جگہ پر رکھ دیں۔ تین چار یوم تک ایسا کرنے سے انشاء اللہ تلی جاتی رہے گی۔ تعویذ یہ ہے :-

فنجل	ا	لمق
ک		ک
لمق	ا	فنجل

برائے زیادتی فہم

اگر کسی شخص کا حافظہ کمزور ہو۔ تو اس کے لئے یہ تعویذ لکھ کر دیں تاکہ وہ اسے صبح نہار منہ اسے گھول کر پی جائے۔ تین روز کے ایسا کرنے سے انشاء اللہ فہم تیز ہو جائے گا :-

بسم	اللہ	الرحمٰن	الرحیم
یا سمیع	یا اللہ	ضعکم	لی
یا سمیع	نی الوا	ایھا	عانی

نامردی کے لئے

یعنی اگر کوئی شخص اپنی بیوی سے صحبت کرنے پر قابو نہ پا سکے سحر وغیرہ کے اثر سے تو اسے یہ ذیل کا عمل بہت ہی مفید رہے گا اور وہ یہ ہے کہ بیری کے سات سبز پتے لے کر دو پتھروں سے پیسے اور پانی میں ملا کر آیۃ الکرسی اور دو دو سورتیں کہ جن کے شروع میں قل آتا ہے پڑھ کر دم کرے پھر تین دفعہ اس میں سے چاٹ لے اور باقی سے غسل کرے اور بعض کے نزدیک شیشے کے برتن میں آیت وَتَرَکْنَا بَعْضَھُمْ یَوْمَئِذٍ یَّمُوْجُ فِیْ بَعْضٍ لکھ کر اس شخص کو پلایا جائے جو اپنی بیوی کی صحبت سے باز رکھا گیا ہو انشاءاللہ ہر طرح پر قادر ہو جائے گا:۔

برائے دفع چیونٹی

اگر کسی کے مکان میں چیونٹیاں کثرت سے ستاتی ہوں تو اس طرح کرے کہ تل محمد کو سو بار اول و آخر پندرہ پندرہ دفعہ درود شریف پڑھ کر حرمل کے دانوں پر دم کر کے عشا کی نماز کے بعد اتوار کی شب کو چیونٹیوں کے سوراخ میں ڈال دے۔ انشاءاللہ تعالیٰ چیونٹیاں وہاں سے بھاگ جائینگی +

درد ریح بار نگبن

ایک کاتا لے کر سورہ مزمل کو پڑھے۔ اور کاتے کو کمر کی طرف سے پاؤں کی طرف پھیرتا رہے۔ اور بعد ازاں زمین پر مارے۔ انشاءاللہ درد جاتا رہیگا +

برائے ناف

اس تعویذ کو لکھ کر ناف کے اوپر باندھ دے۔ انشاءاللہ آرام آجائے گا

الحمد للہ ۱۰	رب العلمین ۵	الرحمن الرحیم ۴	مالک یوم الدین ۱۵
ایاک نعبد و ۳	ایاک نستعین ۱۶	اھدنا ۹	الصراط ۶
المستقیم ۱۳	صراط الذین ۲	انعمت ۷	علیہم ۱۲
غیر المغضوب ۸	علیہم ۱۴	ولا الضالین ۱۱	آمین ۱

برائے بربادی دشمن

جب چاند کے زوال کے دن ہوں تو ان دنوں دوپہر کے وقت قبرستان میں جا کر آیت الکرسی تین بار پڑھے۔ اور اپنے اوپر دم کرے پھر کسی قبر کے

اوپر کھڑا ہو کر سورہ فیل کو ایک بار بغیر بسم اللہ کے پڑھے۔ اور اپنے دائیں پاؤں کے نیچے سے دو انگلیوں سے مٹی اٹھا دے۔ اور اس پر دم کرے اسی طرح دوسری قبر پر کھڑا ہو کر سورہ وغیرہ پڑھ کر پھر مٹی اٹھا دے۔ علیٰ ھذا القیاس بارہ قبروں پر اسی طرح کر کے مٹی اٹھائے۔ اس مٹی پر بارہ دفعہ سورہ الم ترکیف پڑھ کر دم کرے۔ اور اس خاک کو دشمن کے گھر پر پھینک دے۔ انشاءاللہ دشمن چند دن کے اندر اندر خانماں برباد ہو جائیگا۔

برائے زیادتی مکھن

اگر مکھن دودھ سے زیادہ نہ نکلے۔ تو مدھانی کے ساتھ یہ تعویذ باندھ دیں انشاءاللہ کافی سے زیادہ مکھن نکلیگا:۔

برائے تپ چہارم

سورج چڑھنے سے پیشتر اس تعویذ کو لکھ کر مریض کے گلے میں باندھ دے۔ انشاءاللہ بخار نہ ہوگا:۔

۷۸۶

برائے حاضرات

لڑکا یا لڑکی جو حسین و خوبصورت ہو۔ اور جس کی عمر دس سال سے زیادہ نہ ہو۔ کے داہنے ہاتھ کے انگوٹھے کے ناخن پر سیاہی لگائے۔ جب سیاہی خشک ہو جائے۔ تو اس پر تیل لگا دے۔ اور یہ تعویذ لکھ کر انگوٹھے اور انگشت میانہ کے درمیان پکڑا دے۔ اور لڑکے کو کہے کہ وہ ناخن کو غور دیکھتا رہے جب اُسے کچھ نظر آئے۔ تو اُس سے جو دریافت کرنا ہو۔ دریافت کرے۔

١٣٠	١٣٠	١٣٠	١٣٠
١٣٠	١٣٠	١٣٠	١٣٠
١٣٠	١٣٠	١٣٠	١٣٠
١٣٠	١٣٠	١٣٠	١٣٠

١٣٠ ح

١٣٠ ح

برائے دردِ سر

آدھے سر کی درد یا تمام سر کے درد کے لئے یہ تعویذ نہایت زود اثر ہے :-

یا بدوح	یا بدوح	یا بدوح	یا بدوح
٨	٦	٤	٢
یا بدوح	یا بدوح	یا بدوح	یا بدوح

حاضرات

اگر کوئی چیز گم ہو گئی ہو۔ یا کسی امر کا حال معلوم کرنا ہو تو اس نقش کو لکھ کر مٹی کے چراغ میں جو بالکل نیا ہو۔ تیل سرسوں ڈال کر اور اس تعویذ کو روئی میں لپیٹ کر بتی بنا کر جلائے اور دس سالہ لڑکا یا لڑکی کو جو حسین ہو سامنے بٹھلائے اور اسے کہہ دے کہ وہ چراغ کی بتی کی طرف بغور دیکھتا رہے اگر اسے کچھ نظر آئے تو اس سے جو کچھ دریافت کرنا ہو۔ دریافت کرے :-

دنقش یہ ہے

یکنانوس فاضلشاہ محمد شاہ میموں زنگی

١٩	٢٢	٢٥	١٢
٢٤	١٣	١٨	٢٣
١٤	٢٧	٢٠	١٧
٢١	١٦	١٥	٢٦

م

یکنانوس فاضلشاہ محمد شاہ میموں زنگی العجل العجل العجل الساعۃ الساعۃ الساعۃ الوحا الوحا بحق سلیمان بن داؤد علیہ السلام فلاں بنت فلاں ہر کس کہ دزد باشد فلاں چیز بردہ است دریں فلیتہ حاضر شود +

برائے زہر باد

ہر قسم

ہر روز یہ تعویذ لکھ کر پلاوے اور ایک مریض کے گلے میں ڈال دے انشاء اللہ زہر باد کا آرام آجائیگا :-

تعویذ یہ ہے

٧٨٦

٣٠٥	٣٠١	٣٠٣
٣٠٤	٣٠٦	٣٠٨
٣٠٩	٣٠٧	٣٠٢

برائے زیادتی مکھن

اگر کسی کی گائے بھینس یا بکری کے دودھ سے مکھن کم نکلتا ہو۔ تو یہ تعویذ لکھ کر اُس برتن کے گلے میں ڈال دے۔ جس میں کہ دودھ ڈال کر مکھن نکالا جاتا ہے۔ انشاء اللہ بے انداز مکھن نکلیگا :-

٧٨٦

یا میکائیل	٦	١	٨	یا جبرائیل
	٧	٥	٣	
یا عزرائیل	٢	٩	٤	یا اسرافیل

یا حضرت غوث الاعظم جیلانی و گیلانی محبوب حقانی

روغن ایں خانہ افزون گردانی

گائے بھینس بکری کے دودھ کے لئے

اگر کسی کی گائے یا بھینس یا بکری دودھ دیتے وقت خراب کرے۔ یا دودھ کم دے۔ تو اس آیت کو کسی ایسی چیز پر جو وہ کھائے دم کر کے اُسے کھلا دے۔ انشاء اللہ تعالیٰ دودھ نہایت آرام سے دیگی :-

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم۔ اِنَّ الْبَقَرَ تَشَابَهَ عَلَيْنَا وَاِنَّا اِنْ شَاءَ اللّٰهُ لَمُهْتَدُوْنَ وصلی اللہ تعالیٰ علیٰ خیر خلقہٖ محمد وآلہٖ واصحابہٖ اجمعین

برائے درد پیٹ مویشی

اگر کسی پالتو جانور کے پیٹ میں درد ہو تو بغیر بسم اللہ سورہ تبت یدا سات بار پانی پر دم کرکے پلاوے۔ انشاء اللہ آرام آجائیگا +

برائے درد پیٹ مویشی

کسی چیز پر یہ عمل دم کرکے کھلائے یا طار یا طار یا غفور انشاءاللہ آرام آجائیگا +

برائے دوکان داری

اگر کسی کی دوکان پر گاہک کم آئیں۔ تو اس تعویذ کو لکھ کر اور روئی میں لپیٹ کر بتی بنائے۔ اور چراغ میں تلوں کا تیل ڈال روزانہ جلائے۔ انشاء اللہ اس قدر خریدار آئینگے کہ فرصت نہ ہوگی:-

۸۰۱۶	۸۰۳۰	۸۰۲۷	۸۰۲۳
۸۰۲۸	۸۰۲۲	۸۰۱۷	۸۰۲۹
۸۰۲۱	۸۰۲۵	۸۰۳۲	۸۰۱۸
۸۰۳۱	۸۰۱۹	۸۰۲۰	۸۰۲۶

روزی از غیب

اگر کوئی شخص یہ چاہے کہ اللہ تعالیٰ غیب سے اُس کو روزی دیا کرے۔ تو اس نقش کو لکھے اور ان اسمائے کو پڑھا کرے۔ پہلے اُن کی زکوٰۃ اس طرح پر نکالے کہ سات روز تک روزانہ ہزار مرتبہ اس تعویذ کو لکھے اور رات کو ہزار بار ان اسما کو پڑھے۔ سات دن رات کے بعد پندرہ تعویذ کو روزانہ لکھے۔ اور پندرہ بار رات کو ان اسماء کو پڑھا کرے۔ انشاء اللہ تعالیٰ روزی از غیب حاصل ہوگی۔ اسما یہ ہیں:- اَتَیْتُ نَا هَیَالِ تَتِیْتُ هَیَالِ حَتَیْتُ هَیَالِ اَتَیْتُ هَیَالِ حَتَیْتُ نَا هَیَالِ طَتَیْتُ هَیَالِ:-

نقش اگلے صفحہ پر ہے

۷۸۶

نقش یہ ہے

۸	۱	۶
۳	۵	۷
۴	۹	۲

برائے ورم پستان

اگر کسی عورت کے پستانوں پر ورم ہو جائے جس کو پنجابی میں تھن ٹھلن کہتے ہیں تو سورۃ اَلَمْ تَرَ کَیْفَ بغیر بسم اللہ کے سات بار پڑھ کر اگر عورت کا دایاں پستان ہو تو اپنے بائیں پستان پر دم کرے اور اگر عورت کا بایاں پستان ورم شدہ ہو تو اپنے دائیں پستان پر دم کرے انشاء اللہ آرام ہو جائے گا۔ اس کے علاوہ یہ عمل بھی اس کے لئے مفید ہے۔

سونے دی سوئی روپے دی کنوت تھن ٹھلن الکھیں وکھن گھیرالی نے لوت
الٰہی برکت محمد مصطفےٰ ایہ چارے بھسماں بھوت

دو تین بار پڑھ کر جس پستان کو ورم ہو۔ اُس کی طرف دم کرے +

برائے دفع سحر

اگر کسی کو کسی نے جادو کیا ہو۔ تو یہ نقش پیالے میں لکھ کر گھول کر پلائے۔ اور تین روز متواتر ایسا ہی کرے:-

یا اللہ	یا اللہ	یا اللہ	یا اللہ	یا اللہ	یا اللہ
یا رحمٰن	یا کریم	یا اللہ	یا علی	یا رحمٰن	یا کمال
ام	بلدہ	علی	علی	علی	علی
ع	ع	مجید	ح	ی	ی
لا الہ	الا اللہ	محمد	رسول	اللہ	ام
علی	ولد	م	م	م	م

برائے درد نیم سر

یہ عمل سات بار پڑھ کر دم کرے:-

کانی چڑی کلی چڑھی کالا ہی بھل کھاوے الٰہی برکت محمد صاحب کے درد آدھا سر جاوے

دیوار نہ گرے

اگر کسی کی مکان کی دیوار گرنے والی ہو تو یہ دیوار پر لکھ دے انشاء اللہ دیوار نہ گرے گی۔

الٰہی بحرمت معروف کرخی
بماند سالہا دیوار ترقی

برائے خلاصی از قید

اگر کوئی شخص قید ہو گیا ہو۔ تو چاہئے کہ ہر روز سو بار یہ دُعا پڑھے :۔

اَللّٰھُمَّ خَلِّصْنِیْ مِنْ قَیْدِ الشَّدِیْدِ بِحُرْمَتِ بَایَزِیْدَ قَدَّسَ اللّٰہُ سِرَّہٗ۔ اور ساتھ ہی اس تعویذ کو زعفران و مشک سے لکھ کر اپنی پگڑی یا ٹوپی میں رکھے۔ انشاء اللہ قیدی جلد رہا ہو جائے :۔ تعویذ یہ ہے :۔

۷۸۶

۷۸۴	۳		۹		۱۰	۱۶
۷۸۲	۱۱		۱۷		۷۸۵	۴
		۸	۱	۶		
۱۸	۷۸۶	۳	۵	۷	۶	۱۲
		۴	۹	۲		
۱	۷		۱۳		۱۹	۷۸۱
۱۴	۵		۷۸۳		۲	۸

برائے موافقت عورت خاوند

اگر کسی عورت اور خاوند میں ناراضگی ہو جائے۔ تو ان دونوں تعویذوں میں ایک تعویذ وقت سعد کے زعفران و گلاب سے معہ چار نام کے لکھے اور تعویذ کے پس پشت یُحِبُّوْنَھُمْ کَحُبِّ اللّٰہِ وَالَّذِیْنَ اٰمَنُوْٓا اَشَدُّ حُبًّا لِّلّٰہِ

لکھ کر عورت اپنے پاس رکھے۔ انشاء اللہ دونوں کے درمیان سے ناراضگی دور ہو کر محبت و الفت پیدا ہوگی۔ نقش یہ ہے :۔

۷۸۶ ۷۸۶

۸	۴	۷	۱
۶	۲	۷	۵
۳	۹	۲	۶
۳	۵	۴	۸

۸	۶	۴	۲
۲	۴	۶	۸
۶	۸	۲	۴
۴	۲	۸	۶

برائے فروغ دوکانداری

جس دوکان دار کا مال کم فروخت ہوتا ہو۔ تو اس تعویذ کو بقاعدہ تکسیر لکھ کر دوکان کے اندر چسپاں کر دے۔ اور ایک تعویذ کو لکھ کر پانی میں گھول کر وہ پانی تمام دوکان کی اشیاء پر چھڑک دے۔ انشاء اللہ مال بہت فروخت ہوگا۔ تعویذ یہ ہے :۔

فَاسْتَبْشِرُوْا بِبَیْعِکُمُ الَّذِیْ بَایَعْتُمْ بِہٖ

۱۵۷	۱۶۰	۱۶۳	۱۵۰
۱۶۲	۱۵۱	۱۵۶	۱۶۱
۱۵۲	۱۶۵	۱۵۸	۱۵۵
۱۵۹	۱۵۴	۱۵۳	۱۶۴

برائے درد ناف

اگر کسی شخص کی ناف ٹل گئی ہو اور درد ہو تو اس تعویذ کو لکھ کر اس کے بازو پر باندھے۔ انشاء اللہ ناف اپنے مقام پر آ جائیگی خانہ پری خانہ دو سے شروع کرے۔ اور بجائے فلاں کے مریض کا نام لکھے

(دیکھو نقش آئندہ صفحہ پر)

یا اللہ یا رحمٰن	یا اللہ یا رحمٰن	یا اللہ یا رحمٰن
یا اللہ یا رحمٰن	فلاں	یا اللہ یا رحمٰن
یا اللہ یا رحمٰن	یا اللہ یا رحمٰن	یا اللہ یا رحمٰن

ختم رسولی

یعنے ختم حضور سرورِ کائنات صلی اللہ علیہ وسلم۔ جو قضائے حاجات اور ہر مشکل کے حل کے لئے بے نظیر ہے۔ اس ختم کے ہمیشہ پڑھنے سے تمام دینی دنیوی مشکلات حل ہو جائینگی۔ طریقہ یہ ہے: کہ چند آدمی جو کہ باوضو اور پاکیزہ لباس اور خوشبو لگا کر ایک مجلس منعقد کریں۔ اور اس طرح پڑھیں:۔ بسم اللہ شریف ۱۰۰ بار۔ درود شریف ۱۰۰ بار۔ سورہ فاتحہ ۱۰۰ بار۔ کلمہ طیبہ ۱۰۰ بار۔ کلمہ شہادت ۱۰۰ بار۔ آمنت باللہ ۱۰۰ بار۔ استغفار ۱۰۰ بار۔ آیۃ الکرسی ۱۰۰ بار۔ الٓمٓ۔ اَللّٰہُ لَآ اِلٰہَ اِلَّا ھُوَ الْحَیُّ الْقَیُّوْمُ ۱۰۰ بار۔ یُسَبِّحُ لِلّٰہِ مَا فِی السَّمٰوٰتِ وَمَا فِی الْاَرْضِ الْمَلِکِ الْقُدُّوْسِ الْعَزِیْزِ الْحَکِیْمِ ۱۰۰ بار۔ سورہ اخلاص ۱۰۰ بار۔ کلمہ تمجید ۱۰۰ بار۔ اَللّٰہُ عَلِیْمٌ ۱۰۰ بار۔ یَا حَیُّ یَا قَیُّوْمُ بِرَحْمَتِکَ اَسْتَغِیْثُ ۱۰۰ بار۔ یہ پڑھ کر بعدہٗ نہایت عاجزی سے بدرگاہِ رب العالمین میں دعا مانگے۔ انشاء اللہ حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کی طفیل تمام حاجتیں پوری ہو جائینگی +

صلوات الحاجات

حضرت شاہ ولی اللہ صاحب رح فرماتے ہیں کہ جس کسی کو کوئی حاجت درپیش ہو یا کوئی مشکل پیش آئے۔ تو اُسے چاہیئے کہ چار رکعت نماز بہ نیت قضائے حاجات اس طرح ادا کرے کہ پہلی رکعت میں بعد سورہ فاتحہ لَآ اِلٰہَ اِلَّا اَنْتَ سُبْحٰنَکَ اِنِّیْ کُنْتُ مِنَ الظّٰلِمِیْنَ ۱۰۰ بار اور دوسری میں رَبِّ اَنِّیْ مَسَّنِیَ الضُّرُّ وَاَنْتَ اَرْحَمُ الرّٰحِمِیْنَ ۱۰۰ بار اور تیسری میں وَاُفَوِّضُ اَمْرِیْٓ اِلَی اللّٰہِ ط اِنَّ اللّٰہَ بَصِیْرٌ بِالْعِبَادِ ۱۰۰ بار۔ اور چوتھی میں حَسْبُنَا اللّٰہُ وَنِعْمَ الْوَکِیْلُ ۱۰۰ بار پڑھے۔ اور بعد سلام کے رَبِّ اَنِّیْ مَغْلُوْبٌ فَانْتَصِرْ ۱۰۰ بار پڑھ کر حق تعالیٰ سے اپنی حاجت نہایت عاجزی سے طلب کرے +

صلوٰۃ القلب

جس کسی کا دل سیاہ ہو چکا ہو۔ اور وہ نیکی کی طرف رغبت نہ کرتا ہو۔ تو اسے چاہیئے کہ دو رکعت نماز بہ نیت صلوٰۃ القلب ادا کرے۔ اور ہر رکعت میں بعد سورہ فاتحہ کے قُلْ ھُوَ اللّٰہُ اَحَدٌ ایک ایک بار پڑھے۔ لیکن نیت نماز سے آخر تک۔ دل ہی دل میں پڑھے زبان سے کوئی حرف نہ نکالے۔ بعد سلام کے بخلوص دل ستر بار استغفار پڑھے۔ اور اپنے مرشد کا تصور کرے +

حُب کا ایک زود اثر عمل

ذیل میں حب کا ایک ایسا عمل کہ جو ہمیشہ زود اثر پایا گیا ہے۔ اور جو خاکسار کو بڑی محنت اور مشقت کے بعد دستیاب ہوا ہے۔ بدیں وجہ نامکمل درج کیا جاتا ہے کہ اس عمل کو عام درج کرنے پر نااہل لوگ اسے ناجائز کاموں پر عمل کریں گے۔ چونکہ اس عمل کا اثر عام طور پر دونو صورتوں میں اثر پذیر ہو سکتا ہے اس لئے عمداً اسے نامکمل درج کیا جاتا ہے۔ جو حضرات اسے پورا حاصل کرنا چاہیں وہ اپنے ایمان سے یہ اقرار نامہ سادے کاغذ پر لکھ کر بھیج دیں کہ وہ اس عمل کو کسی ناجائز جگہ پر استعمال نہ کریں گے۔ اور نہ ہی کسی دوسرے کو بتائیں گے۔ ساتھ ہی مبلغ گیارہ روپے کی رقم برائے نیاز عمل بذریعہ منی آرڈر منیجر قریشی بک ایجنسی کو غرباء فنڈ کے لئے ارسال فرمائیں۔ آپ کو فوراً مکمل عمل معہ مفصل ترکیب بھیج دیا جائے گا۔ انشاء اللہ اگر آپ نے میری ہدایت کے مطابق عمل کیا تو یقیناً کامیاب ہوں گے۔ (عمل اگلے صفحہ پر درج ہے)

نوٹ: نیاز کا روپیہ میں نہیں لیتا بلکہ یہ روپے کسی مسجد کی تعمیر یا یتیم خانہ یا کسی مستحق

غریب کو دے دیئے جاتے ہیں۔ عمل یہ ہے

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

يُحِبُّوْنَهُمْ كَحُبِّ اللّٰهِ ؕ وَالَّذِيْنَ اٰمَنُوْٓا اَشَدُّ حُبًّا لِّلّٰهِ ؕ زُيِّنَ لِلنَّاسِ حُبُّ الشَّهَوٰتِ مِنَ النِّسَآءِ وَالْبَنِيْنَ وَالْقَنَاطِيْرِ الْمُقَنْطَرَةِ مِنَ الذَّهَبِ وَالْفِضَّةِ وَالْخَيْلِ الْمُسَوَّمَةِ وَالْاَنْعَامِ وَالْحَرْثِ ؕ ذٰلِكَ مَتَاعُ الْحَيٰوةِ الدُّنْيَا ۚ وَاللّٰهُ عِنْدَهٗ حُسْنُ الْمَاٰبِ ۝

[illegible] آل عمران [illegible]

مندرجہ بالا آیت کو بروز

شروع کرنے سے پیشتر غسل اور وضو کر کے پاک وصاف کپڑے پہنکر عطر گلاب لگائیں۔ اور ایک خاص جگہ پر کہ جس جگہ ہر روز پڑھ سکیں ایسی کہ جس نے ابھی بچہ نہ دیا ہو کی ایسی کھال پر کہ جس پر کسی نے اس سے پہلے بیٹھ کر وظیفہ یا نماز وغیرہ نہ پڑھی ہو۔ نہایت خشوع خضوع سے مطلوب کا دل میں تصور کر کے بار پڑھیں۔ پڑھنے سے پیشتر اور بعد بار درود شریف جو زبانی یاد ہو پڑھ لیں کم ازکم روز تک اور زیادہ سے زیادہ روز تک پڑھا جائے پھر کسی ایسی شیرینی پر کہ جو کسی پرہیزگار یا نمازی مسلمان کی بنائی ہوئی ہو۔ اس پر دم کریں اگر کسی کی بنائی ہوئی شیرینی پر اعتبار نہ ہو تو خود اپنے ہاتھ سے کوئی میٹھی چیز تیار کر کے اس پر دم کریں اور مطلوب کو کسی طریقہ سے کھلادیں۔ انشاءاللہ مطلوب بے قرار ہو کر خود آپ کے پاس حاضر ہوگا۔ یہ یاد رہے کہ دوران عمل میں نماز پنجگانہ اور تہجد کی نماز قضا نہ ہو۔ اگر ایک نماز بھی قضا ہوگی تو عمل دوبارہ کرنا پڑے گا۔

خاکسار

صاحبزادہ محمد افضل عفی عنہ نقشبندی مجددی

نوٹ: قرآن مجید کی جس قدر آیات اس کتاب میں درج ہیں ان کو پڑھنے سے پیشتر قرآن مجید سے احتیاطاً دیکھ لیں تاکہ زیر زبر کا فرق ہو تو نکل جائے اور عمل میں کسی قسم کا نقص نہ آئے کیونکہ بعض اوقات باوجود بڑی احتیاط کے پھر بھی زیر زبر وغیرہ کا فرق رہ جاتا ہے۔

حکیم حاجی علی ضیاء صابری

- فاضل طب والجراحت ● رجسٹرڈ نیشنل کونسل فار طب حکومت پاکستان
- فاضل قانون نظریہ مفرد اعضاء ● سابقہ فزیشن قریشی ہیلتھ سروس لاہور

0301-6914588

الحمد دواخانہ

386۔ فاطمہ جناح روڈ ٹلیانوالہ محلہ ساہیوال